فیضانِ ربّانی

www.KitaboSunnat.com

نتیجہ ءِ فکر:

ڈاکٹر محمد عبدالرّب ثاقبؔ العمری

دارالحدیث محمدیہ ایجوکیشنل اینڈ ویلفیئر سوسائٹی حیدرآباد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قُلْ أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ

مجلس التحقیق الاسلامی کے زیر اہتمام

محدث لائبریری

کتاب وسنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

معزز قارئین توجہ فرمائیں

- کتاب وسنت ڈاٹ کام پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب ...عام قاری کے مطالعے کیلئے ہیں۔
- مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق واجازت کے بعد (Upload) کی جاتی ہیں۔
- دعوتی مقاصد کیلئے ان کتب کو ڈاؤن لوڈ (Download) کرنے کی اجازت ہے۔

تنبیہ

ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کیلئے استعمال کرنے کی ممانعت ہے

کیونکہ یہ شرعی، اخلاقی اور قانونی جرم ہے۔

اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں

PDF کتب کی ڈاؤن لوڈنگ، آن لائن مطالعہ اور دیگر شکایات کے لیے درج ذیل ای میل ایڈریس پر رابطہ فرمائیں۔

KitaboSunnat@gmail.com

www.KitaboSunnat.com

www.KitaboSunnat.com

وَكُونُوا رَبَّانِيِّينَ [قرآن حکیم]

اور تم سب ربّانی (اللہ والے) بن جاؤ

فیضانِ ربّانیؒ

نتیجۂ فکر:

ڈاکٹر محمد عبدالربّ ثاقب عمری سلفی

ڈڈلی، برمنگھم (انگلینڈ)

www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

شعری مجموعہ	:	فیضانِ ربّانی
نتیجۂ فکر	:	ڈاکٹر محمد عبدالرّب ثاقب عمری سلفی
طبع اوّل	:	مارچ ۲۰۰۴ء
تعداد	:	ایک ہزار
کمپوزنگ	:	عبدالحق العمری المدنی، برمنگھم محمد ارشاد سہیل عمری حیدرآباد
قیمت	:	پانچ پونڈ (-/150روپے ہندوستانی)
ملنے کے پتے	:	

MUSLIM BOOK CENTRE
20 GREEN LANE, SMALL HAETH
BIRMINGHAM B9 5DB. ENGLAND
TEL: 0121 773 0019/ FAX: 0121 766 8779

JAMIA MASJID & ISLAMIC SCHOOL
29 QUEEN'S CROSS, DUDLEY
DY1 1QN, ENGLAND
Tel/Fax: 01384 258479

109 CALDWELL ROAD
BORDESLEY GREEN
BIRMINGHAM B9 5TL, ENGLAND
Tel/Fax: 0121 773 3611

DARUL HADEES MOHAMMADIA
19-2-4, FATEH DARWAZA,
HYDERABAD, 500053 (A.P) INDIA

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فہرست

- انتساب 11
- پیش لفظ از: ابوالبیان حمادؔ 12
- مقدمۃ الکتاب از: مصنف... 15
- سپاس نامہ از: ملک فضل حسین 24
- تبصرہ از: ڈاکٹر محمد ثناء اللہ ثانی... 27
- حمد
  - تو ربِ کبریا ہے، مالک ہے تو ہمارا 36
- نعتیں
  - خدا کی ذاتِ واحد منبعِ دریائے رحمت ہے 42
  - طریقِ مصطفیٰؐ پر خود کو جو، لایا نہیں کرتے 45
  - طَلَعَ البَدْرُ عَلَینَا کون؟ محمد کریمؐ 47
  - خاتم الانبیاءؐ ہیں ہمارے نبیؐ 50
  - شرک سے پاک نعت 52
- نظمیں
  - تثلیث کو توحید کا پیغام سنا دو! 55
  - غافل ملت 57

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

چلا جا! 58
عزائم 61
بہنوں سے خطاب 63
مبارک عیدِ قرباں! 66
نظم 68
مسلکِ اہلِ حدیث 70
نغمۂ توحید... 73
ترانے
مرکز اہل حدیث 77
ترانہ انشاءاللہ 82
حفظِ قرآں کا مقابلہ 89
الہجرہ اسکول، برطانیہ 95
بیاں توحید اور سنت سے جو منقول ہوتا ہے 98
گلدستہائے تہنیت
گلدستۂ تہنیت 101
گلہائے تہنیت 104
قصیدے
میرے پیر و مرشد حضرت العلام ابوالبیان حماد صاحب عمری ... 109
الشیخ سالم مبارک الجوہی... 110
امام مسجد نبوی فضیلۃ الشیخ الدکتور عبدالمحسن بن محمد القاسم ... 113
امام اہل سنت 117

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حاتم ہالینڈ 123
ہجو
خطاب بہ ناصر 126
مردودِ زمانہ رشدی 128
مرثیے
مرثیہ والدہ محترمہ مرحومہ ومغفورہ 130
آہ! حضرت بن بازؒ 132
میری تائی ماں صاحبہ مرحومہ ومغفورہ 136
تأثرات غم 137
غزلیں
بعد مدّت اس طرح ہم اُن کو سمجھانے گئے 144
بڑھ کر نہیں اک خواب سے دنیا میرے آگے 146
اُجڑے ہوئے گلشن کی تعمیر کو کیا کہیے! 149
تمہارے رُوئے تاباں پر قیامت کی جوانی ہے 152
نہ تو نغمہ سنج بلبل، نہ تو گُل میں دِلکشی ہے 155
جو رب کی حمد وثنا صبح وشام کرتے ہیں 157
اللہ رے الفت بھی کیا خوب سہارا ہے! 160
رونق دل کو بڑھانا چاہیے 162
غنچۂ دل کھلا نہیں ہے کیا؟ 164
متاعِ صبر لٹی، دولتِ قرار گئی 167
الٰہی صحنِ گلستاں میں اک عذاب آیا 169

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سیم وزر کی تمنائیں دل میں لئے محل خوابوں کے تعمیر کرتا رہا ...	...	171
دل میں ہے لگی آگ، بجھا تا نہیں کوئی ...	...	173
وفورِ شوق میں ہر رہ گذر سے گزرے ہیں ...	...	176
کبھی سودا، کبھی وحشی، کبھی دیوانہ ہوا! ...	...	178
ہے دل میں نہاں اور زباں پر ہے عیاں اور ...	...	181
ہمارے ہوش بہ ناز و ادا اُڑائے ہیں ...	...	183
تہمت کے مرحلے میں میرا نام آنہ جائے ...	...	185
دنیا کے مسائل نے اِس طرح کچھ اُلجھایا ...	...	187
تھے اور لوگ جانے بھلا کس خیال میں ...	...	189
نہ مہر و مہ نہ ستاروں میں پائی جاتی ہے ...	...	191
دنیائے محبت کی ہر وضع نرالی ہے ...	...	193
قطعات و رُباعیات (خراجِ عقیدت)		
حضرات کاکا عمر و کاکا سعید احمد ...	...	196
حضرات علمائے کرام ...	...	197
بوسنیا ...	...	198
محترم محمد صلاح الدین شہیدؒ ...	...	199
مسجد اہلِ حدیث، بریڈفورڈ ۵، برطانیہ ...	...	200
حضرت مولانا مختار احمد ندوی ...	...	201
انتخاب صدرِ جلسہ ...	...	202
مفکر و رائٹر مولانا وحید الدین خان ...	...	203
ڈاکٹر محمد عبدالصمد صمدانی فاضل ...	...	204

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

پروفیسر علامہ ساجد میر	...	...	...	205
اللہ کا سلام	...	...	...	206
امام کعبۃ اللہ	...	...	...	207
گلستانِ سلف	...	...	...	208
حضرت حکیم محمد سعیدؒ	...	...	...	209
تلمیذہ حافظ رضوان اللہ بدر صاحب	...	...	...	210
ڈاکٹر حضرت صہیب حسن	...	...	...	211
حضرت شریف احمد حافظ و چوہدری محمد اعظمؒ	...	...	...	212
مناظر اسلام حضرت دیدات	...	...	...	213
حافظ عادل شریف احمد حافظ سلمہ	...	...	...	214
بزمِ علم وادب برطانیہ	...	...	...	215
افتتاحِ مسجد اہلحدیث، ڈربی، برطانیہ	...	...	...	216
حضرت الطاف الرحمٰن علوی	...	...	...	218
آہ حکیم سعید شہیدؒ!	...	...	...	219
آہ حاجی عبدالخالق رحمانیؒ!	...	...	...	220
لارڈ نذیر احمد آف رادھرم، برطانیہ	...	...	...	221
جامع سلفیہ ھڈرزفیلڈ، برطانیہ	...	...	...	222
آشٹن انڈر لائن، برطانیہ	...	...	...	223
جناب محمد اظہر مرحوم	...	...	...	224
جناب ملک فضل حسین	...	...	...	225
حضرت سید منور حسین مشہدی	...	...	...	226

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عطا جالندھری مرحوم	...	...	...	227
مرکزی جامع مسجد اہل حدیث برمنگھم، برطانیہ	...	...	...	228
جمعیت اہل حدیث گلاسگو، برطانیہ	...	...	...	229
شاعر مشرق...	...	...	...	230
شاعر کشمیر	...	...	...	231
جنرل حمید گل صاحب	...	...	...	232
مولانا فضل کریم عاصم حفظہ اللہ	...	...	...	233
مولانا فضل کریم عاصم رحمۃ اللہ علیہ	...	...	...	234
مسجد اہل حدیث اولڈھم	...	...	...	235
ڈاکٹر علیم اختر چوہدری	...	...	...	236
حضرت مولانا محمد عبدالسبحان اعظمی عمری	...	...	...	237
حاجی عبدالرحمٰن جنجوعہ صاحب	...	...	...	238
مولانا شعیب احمد میرپوری صاحب	...	...	...	240
مولانا محمد حفیظ اللہ خان صاحب عمری المدنی	...	...	...	242
حاجی محمد اسماعیل جنجوعہ صاحب	...	...	...	243
راجہ محمد شبیر جنجوعہ صاحب	...	...	...	245
حاجی عبدالرشید قریشی صاحب و حاجی عبدالجبار قریشی صاحب				247
جناب محمد عمر صاحب	...	...	...	248
حاجی ذوالفقار علی رحمانی صاحب	...	...	...	250
مولانا ثناء اللہ سیالکوٹی صاحب لندن	...	...	...	252
مولانا عبدالرزاق مسعود صاحب ہالیفیکس	...	...	...	253

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

چوھدری عبدالرزاق صاحب ایم اے پنجاب یونیورسٹی ... 254
مولانا محمد ابراہیم میر پوری صاحب 255
مولانا محمد سرفراز مدنی صاحب 256
مولانا شیر خاں جمیل احمد عمری صاحب برمنگھم 257
ماموں جان حاجی سید ابراہیم علی صاحب مرحوم ومغفور ... 258
اماں صاحبہ محترمہ الحاجہ امت الودود صاحبہ مدظلھا العالیہ ... 259
حاجی فضل الرحمٰن صدیقی مرحوم 261
معالی الدکتور الشیخ عبداللہ بن عبدالمحسن الترکی 262
ڈڈلی کی باجیاں 263
افتتاح مرکزی جامع مسجد 267
اُردو فورم [یو کے] اور بانی وڈائریکٹر جناب ملک فضل حسین صاحب 268
حاجی عبدالغنی صاحب 269
جامع مسجد اہلِ حدیث ڈیوزبری 270
دوروزہ سالانہ تربیتی اجتماع کی سلور جوبلی پر 271
حضرت مولانا محمود احمد میر پوریؒ فاضل مدینہ 272
تلخ وشیریں 273
مادرِ علمی 275
حضرت بھائی صاحب مولانا محمد عبدالرحمٰن ندوی دامت برکاتہم ... 277
حضرت مولانا محمد عبداللہ صاحب عمری مدنی 280
حضرت مولانا عبدالھادی العمری المدنی 282
بانیان مدرسہ دارالحدیث محمدیہ ومدرسہ سمیہ نسواں ... 285

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

برادر مکرم الحاج عبدالقیوم صاحب شفیق عثمانی... 287
اللہ کے ولی؟... 288
ڈاکٹر محمد یوسف قمر صاحب منگھم... 291
سماحۃ الشیخ الدکتور محمد بن احمد بن صالح الصالح حفظہم اللہ وتولاھم... 293
حاجی محمد قاسم رضوی صاحب... 294
قائدین واراکین کو خراج تحسین!... 295
شیخ الحدیث وناظم جامعہ دارالسلام عمرآباد کا حسن ظن... ... 296
برمنگھم میں مشاعرے... 298
بعض شعراء کرام جن کے ساتھ مشاعرہ پڑھنے کا اتفاق ہوا ... 299
برمنگھم کے مشاعروں کو رونق بخشنے والے بعض علماء کرام وقائدین ... 301
حج بیت اللہ کے بعد زندگی کا سب سے بڑا اجتماع... ... 302

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

انتساب

میری والدہ مرحومہ مسماۃ 'افضل بی' کے نام جو پیار سے مجھے 'رَبّانی' کہتی تھیں. اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لَھَا وَ ارْحَمْھَا وَ عَافِھَا وَ اعْفُ عَنْھَا وَ اَکْرِمْ نُزُلَھَا وَ وَسِّعْ مُدْخَلَھَا وَ اغْسِلْھَا بِالْمَآءِ وَ الثَّلْجِ وَ الْبَرَدِ وَ نَقِّھَا کَمَا نَقَّیْتَ الثَّوْبَ الْاَبْیَضَ مِنَ الدَّنَسِ. آمین یارب العٰلمین!

آسماں اُن کی لحد پر شبنم افشانی کرے
الحیّ القیوم اس در پر مہربانی کرے

*****

روح اقبالؒ سے معذرت کے ساتھ.

محمد عبدالرّب ثاقبؔ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

پیش لفظ

حضرت مولانا ابوالبیان حمادؔ عمری مدظلہ العالی
استاذ جامعہ دارالسلام عمرآباد، جنوبی ہند

اللہ تعالیٰ نے سورۂ رحمٰن کا آغاز ہی اس طرح فرمایا ہے: ﴿اَلرَّحْمٰنُ عَلَّمَ الْقُرْآنَ ، خَلَقَ الْاِنْسَانَ عَلَّمَهُ الْبَيَانَ﴾ رحمٰن نے قرآن سکھلایا، انسان کو پیدا کیا اور اسے قوت گویائی کی نعمت بیکراں عطا فرمائی۔ اللہ تعالیٰ نے انسان کو جب خلیفہ بنایا تو خلافت کی گراں بار ذمہ داری ادا کرنے کیلئے یہ بات ضروری تھی کہ اسے قوت گویائی عطا کی جاتی۔ چنانچہ رب کریم نے انسان کو بہت سی نعمتوں کے ساتھ نعمت گفتگو بھی عنایت فرمائی۔ انسان کا تعارف کرانے کیلئے جو کلمات وضع کئے گئے ہیں ان میں سے ایک لفظ حیوانِ ناطق بھی ہے یعنی جاندار مخلوقات میں انسان وہ مخلوق ہے جسے بولنے کی طاقت عطا کی گئی ہے۔

جب بھی کوئی بچہ پیدا ہوتا ہے تو ماں باپ بڑی بے چینی کے ساتھ انتظار کرتے ہیں کہ بچہ کب زبان کھولے گا اور کب بولنے لگے گا۔ جیسے ہی بچہ بولنے لگتا ہے ماں باپ کو تسلی ہو جاتی ہے اور وہ خوش ہو جاتے ہیں۔ خدانخواستہ کوئی بچہ بولنے کی قوت سے محروم ہو جائے تو نہ صرف اس کے لئے یہ ایک حادثہ ہوتا ہے بلکہ ماں باپ اور خاندان کے سبھی لوگ پریشان ہو جاتے ہیں اور عجیب بات یہ ہے کہ جو گونگا ہوتا ہے وہ بہرا بھی ہو جاتا ہے گویا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قوت گویائی سے محرومی عدم سماعت کو مستلزم ہے۔ بہر حال قوت گویائی کی نعمت عظمیٰ کا شکر اس طرح ادا ہوسکتا ہے کہ اللہ تعالی نے جس مقصد کے لئے یہ نعمت عطا فرمائی ہے اسی مقصد کے لئے اسے استعمال کیا جائے قوت گویائی کا مقصد اصلی پوری زندگی کو اللہ کی بندگی بنا دینا ہے جس کی صورت یہ ہے کہ جو بات بھی کہی جائے وہ مبنی برحق ہو۔ اور اس سے بولنے والے کو فائدہ پہنچے یا سننے والے کو۔ یہ بھی ضروری ہے کہ ہر بات سوچ سمجھ کر احساس ذمہ داری کے ساتھ کہی جائے کیوں کہ اللہ کے پاس ہر بات کی جواب دہی کرنی پڑے گی ۔سورۂ قٓ میں اللہ نے ارشاد فرمایا ہے: ﴿ مَا يَلْفِظُ مِنْ قَوْلٍ اِلَّا لَدَيْهِ رَقِيْبٌ عَتِيْدٌ ﴾ انسان جو بات بھی بولتا ہے اسے محفوظ کرنے کے لئے ایک نگران فرشتہ موجود رہتا ہے۔

امت مسلمہ کا مقصد دعوت الی الخیر اور نہی عن المنکر ہے جس کے نتیجہ میں ایک صالح معاشرہ کا قیام اور نظام حق کا وجود مطلوب ہوتا ہے اس مقصد کی تکمیل کے لئے زبان وقلم کا استعمال ضروری ہوتا ہے۔ زبان، جہاں افہام وتفہیم تبادلہ خیال اور تقریر وخطابت کا ذریعہ بنتی ہے وہیں قلم، تحریر، انشاء اور تصنیف وتالیف کا ذریعہ بنتا ہے۔ افکار ونظریات کی نشر واشاعت کے لئے نثر کے ساتھ نظم بھی ایک اہم ذریعہ ہے مگر نظم کی صلاحیت سب میں نہیں پائی جاتی۔ یہ صلاحیت بہت ہی کم اہل قلم میں پائی جاتی ہے۔ شعر وشاعری کی استعداد وہبی ہوتی ہے نہ کہ کسبی۔ کوئی بھی شخص صرف اپنی کوشش سے شاعر نہیں بن سکتا بلکہ وہی شخص شاعر بن سکتا ہے جسے اللہ تعالی نے یہ ذوق اور ملکہ عطا کیا ہو۔

بڑی مسرت کی بات ہے کہ میرے تلامذہ اور شاگردوں میں عزیز القدر مولانا عبدالرب ثاقبؔ محمدی عمری جب حیدرآباد سے بغرض تعلیم جامعہ دارالسلام عمرآباد پہنچے تو شروع ہی سے اللہ تعالی نے انہیں شعر وادب کی فطری صلاحیت بخشی تھی اور جامعہ کے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مشاعروں میں حصہ لے کر وہ شعر کہنے لگے تھے۔عزیز موصوف نے یہ سلسلہ جاری رکھا۔ قیام جامعہ کے دوران جس طرح وہ اپنا کلام اصلاح کے لئے مجھے بتالیا کرتے تھے اسی طرح جامعہ سے فارغ ہونے کے بعد وہ الخبر سعودی عرب میں رہے تھے پھر لندن پہنچے تو ہر جگہ مختلف موضوعات پر شعر کہتے رہے اور میرے پاس اصلاح کے لئے روانہ کرتے رہے، میں ان کا پورا کلام دیکھ کر اصلاح دے چکا ہوں۔

مولانا ثاقبؔ محمدی عمری سلمہ محض اپنے ذوق کی تسکین کے لئے شعر نہیں کہتے ہیں بلکہ ان کی شاعری میں خواہ نظم ہو یا غزل مقصدیت پائی جاتی ہے، وہ ادب برائے ادب کے بھی قائل نہیں ہیں بلکہ وہ اس بات کے قائل اور معتقد ہیں کہ ادب برائے زندگی اور زندگی برائے بندگی ہے۔خوش قسمتی سے مولانا ثاقبؔ محمدی عمری اب اپنا مجموعۂ کلام مرتب کر کے اسے زیور اشاعت سے آراستہ کر رہے ہیں۔عزیز موصوف نے اپنے مجموعۂ کلام کا نام ''فیضانِ ربانی'' رکھا ہے جو بہت موزوں ومناسب ہے۔اس نام میں ان کے نام کی رعایت بھی ملحوظ ہے۔

میرے لئے یہ بات بڑی مسرت اور شادمانی کی ہے کہ میرے ایک شاگرد رشید کا مجموعۂ کلام شائع ہو کر منظر عام پر آرہا ہے جس کے ذریعہ اللہ تعالی کا پیغام اللہ کے بندوں تک انشاء اللہ پہنچے گا۔مجموعۂ کلام کی اشاعت پر میں عزیز القدر مولانا عبدالرب ثاقبؔ محمدی عمری کو ہدیۂ تبریک وتحسین پیش کرتے ہوئے دعا کرتا ہوں کہ اللہ تعالی ان کے اس شعری مجموعہ کو ان کے لئے، ان کے والدین کے لئے اور خود میرے لئے ذخیرۂ آخرت بنائے۔آمین۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مقدمۃ الکتاب

از: مصنفِ کتاب

اللہ کا شکر ہے کہ ناچیز کی شاعری کا مجموعہ چھپ کر آ گیا ہے، بہت پہلے چھپنا تھا مگر اس تاخیر پر میری سستی اور کاہلی کا بڑا دخل رہا اور ویسے بھی اللہ کے پاس ہر چیز کا ایک وقت مقرر ہے۔ میری شاعری کی ایک لمبی داستاں ہے مگر مختصر طور پر یہ کہ ترنم سے نظمیں پڑھنے کا شوق بچپن سے تھا، جامعہ دار السلام عمر آباد میں مَیں عالمیت کا طالب علم تھا کہ جامعہ کے انگریزی کے استاذ ماسٹر محمد غوث صاحب نے جامعہ میں اسپورٹس ڈے کا آغاز فرمایا اور اس کی شب کو جامعہ کا سالانہ مشاعرہ مقرر فرمایا۔ مشاعرہ کے تین دور ہوتے تھے۔ پہلا دور بعض اکابرین شعراء کرام کا کلام پڑھنے والے طلباء کا تھا، دوسرا شعرأ عزیز کا تھا یعنی وہ طلباء جو خود اشعار لکھے ہیں، تیسرا دور شعرا کرام کا تھا یعنی کہنہ مشق شعراء اور اساتذہ سخن کا۔ چنانچہ پہلے پہلے دور میں پڑھنے کے لئے حضرت ابو البیان حمّاد صاحب مدظلہم نے مجھے اکبرالہ آبادی کی ایک نظم عطا فرمائی تھی اس کے چند اشعار ابھی تک یاد ہیں ملاحظہ ہوں۔

مشرقی گھر کی محبت کا مزا بھول گئے — کھا کے لندن کی ہوا عہد وفا بھول گئے
پہلے ہوٹل میں تو پھر عید کی پرواہ نہ رہی — کیک کو چکھ کے سوئیوں کا مزا بھول گئے
موم کی پتلیوں پر ایسی طبیعت پگھلی — چمن ہند کی پریوں کی ادا بھول گئے
کیا تعجب ہے جو لڑکے نے بھلایا گھر کو — جبکہ بوڑھے روشِ دین خدا بھول گئے

دوسرے سال استاذ محترم حضرت سید غضنفر حسین صاحب شاکر نائطی کی نظم پڑھنے کی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سعادت حاصل ہوئی، اس نظم کے بھی چند اشعار اب تک یاد ہیں ملاحظہ ہوں۔

الفت میں بگڑ کر بھی اک وضع نکالی ہے — دیوانے کی سج دھج ہی دنیا سے نرالی ہے
یہ تو یہ تیرا جلوہ اب آنکھ کھلی میری — یا دن میں اندھیرا تھا یا رات اجالی ہے
اس گھر میں بہت کم ہے اب آمد و رفت اسکی — دنیا کی طرف میں نے دیوار اٹھالی ہے
ملتی ہے بڑی راحت اب خاک نشینی میں — میں نے تو طبیعت ہی مٹی کی بنالی ہے

اسی سال میں نے ایک غزل کی طبع آزمائی کی تھی جو حضرت حمادؔ صاحب کی تصحیح کے بعد سالانہ مشاعرہ میں پڑھنے کا موقعہ عطا ہوا تھا گویا یہ زندگی کی پہلی کوشش تھی جو باقاعدہ ایک باوقار مشاعرے میں پڑھنے کو نصیب ہوئی، اس کے چند اشعار ملاحظہ ہوں۔

اللہ رے الفت بھی کیا خوب سہارا ہے — کوئی بھی نہیں اپنا پر غم تو ہمارا ہے
کیوں اے دلِ ناداں تو شیدائی الفت ہے — اتنا تو سمجھ لیتا انجام خسارا ہے
داغوں سے محبت کے گلشن ہے میرا سینہ — ہر داغ میرا گل ہے ہر زخم ستارا ہے
ثاقبؔ نہ لگا دل کو اس درجہ تو دنیا سے — ہر لمحۂ راحت پر بس غم کا اجارا ہے

جامعہ سے فراغت کا میرا آخری سال تھا کہ سالانہ مشاعرے کے لئے مصرعہ طرح دیا گیا تھا ''حوصلہ دل کا بڑھانا چاہیئے'' چنانچہ پہلی بار اس پر طبع آزمائی کی گئی اور حضرت حمادؔ صاحب مدظلہم کی نظر ثانی کے بعد جامعہ کے سالانہ مشاعرے میں پڑھنے کا موقع نصیب ہوا، اس طرح طرحی دور میں سب سے پہلی غزل لکھنے اور سنانے کا موقع ملا، اس کے دو شعر ملاحظہ ہوں۔

رونقِ دل کو بڑھانا چاہیئے — ان کو محفل میں بلانا چاہیئے
رسوا ہونے میں نہیں لگتی ہے دیر — نام کرنے کو زمانا چاہیئے

ان میں دوسرا شعر مجھے اتنا پسند ہے کہ میری پوری شاعری کے دو چار پسندیدہ اشعار

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

میں سے ایک ہے، جامعہ کے سالانہ مشاعرے کے لئے شعرا عزیز، شعراء کرام، اکابرین شعرا کے کلام اور ان کے پڑھنے والوں کا انتخاب سارا انتظام وانصرام مولانا حماد صاحب مدظلہم العالی اور مولانا ابوالتراب اللہ بخش نوری صاحبؒ کے ذمہ تھا، جسے انہوں نے بحسن و خوبی ترتیب دیکر ایک یادگار مشاعرہ بنادیا تھا۔ جزاہم اللہ احسن الجزاء

جامعہ دارالسلام سے فراغت کے بعد شاعری کا یہ سلسلہ جاری رہا یہاں تک کے جامعہ سلفیہ بنارس میں تعلیم کے دوران بنارس میں مشاعرے ہوتے اور کبھی وہاں پر کلام سنانے کا بھی موقع ملتا اور وہاں کے مقامی روزنامہ میں بھی کبھی کبھار میرا کلام شائع ہوتا۔

پھر سعودی عرب میں ایک عرصہ قیام رہا، وہاں بھی بڑی آب وتاب کے ساتھ یہ سلسلہ جاری رہا، سعودیہ سے برطانیہ پہنچا تو اس دیار غیر میں بھی ان مشاعروں نے اجنبیت کا احساس ہونے نہیں دیا اور وقتاً فوقتاً رطب ویابس جو کلام بھی جمع ہوتا رہا وہ حاضر خدمت ہے۔ اس میں کئی ایک شخصیات اور موضوعات کے بارے میں لکھا ہوا کلام شامل نہیں ہے جو کاغذات میں کہیں دب چکا ہے اور وقت پر نہ مل سکا، میں سمجھتا ہوں کہ میرے مجموعہ کلام کی اشاعت کا ایک بڑا فائدہ یہ بھی ہے کہ میرا یہ کلام ایک جگہ پر محفوظ ہوگیا ہے اور ادھر ادھر ہوکر ضائع ہونے سے بچ گیا ہے۔

اب قارئین کرام سے بصد خلوص ومحبت گزارش ہے کہ اس میں کوئی بھی قابلِ اعتراض بات ہو تو براہ کرم مجھ تک پہنچانے کی کوشش کریں تا کہ انشاء اللہ آئندہ اشاعت میں اس کی اصلاح کی جاسکے ویسے خوبیٔ کلام اور حسنِ ادب کا کوئی دعویٰ نہیں ہے اور ایسے عالم میں جب کہ ناقدین کی اکثریت، ناقدین کی نہیں بلکہ ناقصین، حاقدین، حاسدین اور ماکرین کی ہو، بڑے بڑے اساتذۂ فن اور شعرائے سخن کو اسفل السافلین میں پہنچانا ان کے بائیں ہاتھ کا کھیل ہو تو میں مبتدی کس شمار میں! بقول چہ پدی، چہ پدی کا شوربہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ڈاکٹر علامہ اقبالؒ پر رکیک تنقید کر کے یہ ثابت کرنے کی کوشش کی گئی کہ وہ شاعر نہیں تھے! ملاحظہ ہو، یادوں کی بارات، مصنفہ جوش ملیح آبادی مرحوم، اسی طرح یہاں برطانیہ کے بڑے بڑے صاحب دواوین شعرائے عظام اور ان کے کلام کا آئے دن کس طرح تیاپانچہ کیا جاتا ہے، یہاں کے اخبارات اس کے شاہد اور گواہ ہیں۔

بحر حال میں نے جس چیز کو حق سمجھا ہے اس چیز کو برملا اس میں پیش کرنے کی کوشش کی ہے خصوصاً ہمارے معاشرے میں نعتیہ شاعری کے ساتھ بہت ظلم کیا گیا ہے۔

وہی جو مستوئ عرش تھا خدا ہو کر اتر پڑا ہے مدینہ میں مصطفیٰ ہو کر

کے شرکیہ جراثیم نہ صرف یہ کہ موجود ہیں بلکہ اکثر شعرا کی دینی کم علمی بلکہ جہالت کی وجہ سے اس میں اضافہ ہی ہو رہا ہے اور قوالیوں کی شاعری اس کا منہ بولتا ثبوت ہے اور اکثر نعتیہ مجموعہ ہائے کلام شرک و بدعات اور خرافات سے بھر پور ہیں الا ماشاء اللہ۔ اس لئے میں نے اپنی دو نعتیں ایسی ہی شاعری کے جواب میں لکھی ہیں جن کے مطالع یہ ہیں۔

طریق مصطفیٰ پر خود کو جو لایا نہیں کرتے حقیقت میں وہ لطفِ بندگی پایا نہیں کرتے

شاہِ مدینہ شاہِ مدینہ یثرب کے والی سارے نبی تیرے رب کے سوالی

چنانچہ ایک نعتیہ مشاعرے میں جب میں نے ایک نعت پیش کی تو اس کے اختتام پر ناظم مشاعرہ نے یہ تبصرہ فرمایا کہ ''بہت اچھا وعظ آپ نے فرمایا کہ ایسی شاعری سے شعریت ختم ہو جاتی ہے''، واقعی ماحول کے اعتبار سے ان کا تبصرہ صد فیصد صحیح تھا اور میرا کلام بھی صد فیصد صحیح اور ایک مولوی سے وعظ سے زیادہ توقع بھی بے سود ہے۔

اسی طرح نبی آخر الزمان، خاتم النبیین، سید الانبیاء والرسل، شافع محشر، ساقی کوثر و سید ولد آدم حضرت محمد ﷺ کے بعد قیامت تک کسی بھی معنی میں کسی کو نبی تسلیم کرنا ایمان سے ہاتھ دھونا ہے اسی لئے نعت خاتم النبیین ﷺ اسی کی ترجمان ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

زندگی کے پہلے مجموعہ کلام کی کمپوزنگ اور طباعت سے پتہ چلا کہ یہ کتنا مشکل کام ہے اور ان ناشرین، طابعین اور اداروں کی عظمت کا احساس ہوا جو یہ سارا کام خود ہی انجام دیتے ہیں، پروف ریڈینگ کا مسئلہ واقعی مشکل ہے اور اس سے مشکل تر یہ کہ کمپوزیٹر سے اس کی تصحیح کرانے کا، جیسا کہ محترم ملک فضل حسین صاحب نے اپنے ''سپاس نامہ'' میں اس کی طرف اشارہ فرمایا ہے، قارئین کرام اس میں اعراب (زبر، زیر، پیش اور ہمزہ وغیرہ) کی کمی بھی محسوس کریں گے بلکہ ہوسکتا ہے کہ پڑھنے میں وقت بلکہ اشعار کے وزن میں بھی گڑبڑ محسوس کریں گے، وہ اس لئے کہ کمپیوٹر کے ہر اردو پروگرام میں کچھ سہولتیں ہیں تو کچھ نقائص بھی، اگر اعراب ڈالنے کی کوشش کرتے ہیں تو حروف بالکل بدل جاتے ہیں اور کہیں عربی اسٹائیل میں کہ اردو داں جن سے مانوس نہیں ہیں صحیح بات یہ ہے کہ ہاتھ سے کتابت کرنے کے کچھ فوائد ہیں تو کچھ نقائص بھی اور کمپیوٹر پر کتابت کرنے سے کچھ سہولتیں ہیں تو کچھ مشکلیں بھی۔

ہمارے کمپیوزیٹر صاحب کا کہنا ہے کہ آپ کی کتاب اہل علم، جن کو زبان وادب پر دسترس حاصل ہے وہی لوگ پڑھیں گے ظاہر ہے کہ اعراب کے محتاج کم علم لوگ تو اس کو نہیں پڑھیں گے اس لئے اس بارے میں پریشان نہ ہوں، بحر حال میں ہمارے کمپوزیٹر صاحب مولانا محمد عبدالحق صاحب عمری مدنی کا بے حد ممنون ہوں کہ جنہوں نے اس ناچیز کے لئے اپنا قیمتی وقت نکالا اور میرے مزاج کے مطابق بحسن وخوبی یہ کام انجام دیا، چند سال قبل حیدرآباد دکن میں اپنے مجموعہ کلام کی کتابت کے لئے ایک پروفیشنل کمپوزیٹر کو منہ مانگی رقم پیشگی دی گئی تا کہ وہ دل جمعی کے ساتھ یہ کام مکمل کرے مگر بارہا چکر لگانے اور توجہ دلانے کے باوجود چند صفحات سے زیادہ یہ کام نہ ہوسکا۔

پھر ڈڈلی، انگلینڈ میں عزیزم طارق صاحب انجینئر نے تقریباً ڈیڑھ سو صفحات مکمل

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کئے مگر امتحانات اور نوکری کی وجہ سے وہ اس سلسلہ کو جاری نہ رکھ سکے پھر مکرمی مولانا عبد الحق صاحب نے از سرِ نو پہلے صفحہ سے اس کا آغاز کیا۔

سچ تو یہ ہے کہ یہ اگر اس میں اپنی ذاتی دل چسپی نہ لیتے تو شاید ابھی تک یہ کام ادھورا اور نامکمل رہتا، عموماً کاتبین، مصنفین کی بنسبت کم علم ہوتے ہیں اسی لئے نقل نویسی را عقل نہ باشد (نقل کرنے والے کو عقل نہیں ہوتی ہے) کا مقولہ مشہور ہے مگر شاذ و نادر اس کا برعکس بھی ہو جاتا ہے جیسا کہ ہمارے کمپوزیٹر صاحب کا معاملہ ہے کہ وہ جامعہ دارالسلام عمر آباد سے عالم و فاضل ہونے کے ساتھ ساتھ مدینہ یونیورسٹی کے فارغ التحصیل بھی ہیں اردو اور عربی کا اعلیٰ ذوق ہے انگریزی اور دیگر زبانوں پر بھی دسترس حاصل ہے۔

عام طور سے زیادہ پڑھے لکھے کاتبین کام سے زیادہ مصنفین کی کتابوں پر تنقید بلکہ تنقیص و تبصرے اور بحث و مباحثے میں اپنا وقت ضائع کرتے ہیں، مگر برادر مکرم مولانا عبد الحق صاحب اعلیٰ تعلیم یافتہ ہونے کے باوجود وہ کلم الناس علی قدر عقولھم (لوگوں سے ان کی عقلوں کے مطابق گفتگو کرو) کے فارمولہ پر عمل کرتے ہوئے خوش خلقی سے یہ کام بلکہ فریضہ انجام دیتے ہیں اور پروف ریڈنگ بھی خود ہی کر لیتے ہیں جو عموماً دیگر کاتبین یہ نہیں کر سکتے۔

وہ برمنگھم کی معروف دینی اور کاروباری شخصیت جناب محمد شمشاد خان صاحب اور ان کے قائم کردہ عالمی دعوتی ادارے IPCI سے وابستہ ہیں اور اپنی علمی دینی اور دعوتی سرگرمیاں انجام دے رہے ہیں۔ دعا ہے کہ اللہ پاک انہیں مع اہل و عیال صحت و عافیت سے رکھے اور ان کے والدین کا سایہ دیر تک ان کے سر پر قائم و دائم رکھے۔ ایں دعا از من واز جملہ جہاں امین باد!

اس کتاب کی اشاعت کے سلسلہ میں جن لوگوں کی مساعی شامل حال رہیں ان کا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

شکریہ ادا نہ کرنا بڑی ناشکری ہوگی اور حدیث رسول ﷺ "من لم یشکر الناس لم یشکر اللہ" ہر بندہ شاکر کا اللہ بھی شاکر ہے لہٰذا حضرت ابوالبیان حماد صاحب عمری مدظلہم العالی جامعہ دارالسلام عمرآباد اور محترم ملک فضل حسین صاحب ڈائیرکٹر اردو فورم یو کے برمنگھم کا انتہائی شکرگزار ہوں کہ انہوں نے اس ناچیز کے لئے جس فراخ دلی کا مظاہرہ کرتے ہوئے بہترین کلمات سے نوازا ہے اللہ پاک ان کے حسن ظن کے مطابق کچھ تو مجھے اس قابل بنائے اور ان محسنین کو دارین میں جزائے خیر عطا فرمائے اسی طرح معلوم ہوا ہے کہ میرے کرم فرما دوست ڈاکٹر ثناءاللہ صاحب ثانی (پی ایچ ڈی) حیدرآباد، بھی کچھ تاثرات تحریر فرمائے ہیں۔ ان کا بھی اس پر شکرگزار ہوں اللہ پاک ان کو مع اہل وعیال و بزرگ والدین خوش وخرم رکھے۔

میرے برادران مولوی قاری محمد عبدالقدیر صاحب محمدی عارف اور مولوی قاری محمد عبدالحق محمد سرور صاحب محمدی کا شکرگزار ہوں کہ جنہوں نے پاکوڑ، کلکتہ کانفرنس میں ملاقات کر کے حیدرآباد دکن میں اس کتاب کی اشاعت کی مشکل ترین ذمہ داری اپنے سر لی۔ اللہ پاک ان نوجوان بھائیوں کو دین ودنیا کی دولت سے مالا مال فرمائے۔

اسی طرح اس کی اشاعت کے معاونین مولانا محمد عبداللہ بھائی صاحب عمری مدنی عمرآباد، مولانا سید آصف صاحب عمری حیدرآباد، مولانا عبدالسلام عمری ایم اے، ایم فل سیٹرم، جناب ریاض صاحب عمرآباد، مولانا عبدالخالق صاحب عمری، حاجی سید اسماعیل صاحب، سید ایوب علی، حافظ عبدالحی عامر، حافظ عبدالاحد ابوذر اور جملہ معاونین کو اللہ تعالیٰ دن دوگنی اور رات چوگنی ترقی عطا فرمائے۔

اسی طرح میرے برخوردار مولوی محمد عبدالرؤف جنہوں نے جامعہ دارالسلام عمرآباد سے مولوی عالم اور برمنگھم کالج سے اے لیول کمپیوٹر سائنس کورس میں تخصص کیا۔ کتاب

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کے اختتامی مراحل میں اس کی کمپوزنگ میں انہوں نے بھی تعاون کیا یعنی تین سو صفحات مولانا محمد عبدالحق مدنی نے اور تقریباً پچاس صفحات محمد عبدالرؤف نے ان کا ارادہ ہے کہ آئندہ کسی اسلامک یونیورسٹی میں اعلیٰ دینی تعلیم حاصل کریں اللہ پاک میرے فرزند کو دین و دنیا کی اعلیٰ نعمتوں سے سرفراز فرمائے اور والدین کیلئے صدقۂ جاریہ.....

اسی طرح بڑی ناسپاسی ہوگی اگر میں اپنی بیگم کا شکریہ ادا نہ کروں۔ جس نے میرے اس ذوق شاعری کی قدر کرتے ہوئے میرے ساتھ مکمل تعاون کیا ورنہ اگر بدذوق ہوتیں تو ہمارے ایک عزیز ڈاکٹر صاحب حیدرآبادی کے ماموں جیسا حال ہوتا جو ایک سرکاری اسکول کے ٹیچر بھی ہیں اور بدقسمتی سے شاعر بھی۔ دن بھر کی مصروفیات کے بعد رات کے کچھ حصے کو انہوں نے شاعری کے لئے مختص کر رکھا تھا اور نیا کلام لکھ کر میز پر چھوڑ دیتے اور اپنی زن کے تعلق سے اس حسن ظن میں مثلا تھے کہ وہ ان کے کلام کو سنبھال کر محفوظ جگہ رکھ رہی ہیں۔ ایک عرصہ بعد جب انہیں اس کی اشاعت کی فکر ہوئی تو بیوی سے اسی مسودہ کے تعلق سے دریافت کیا تو بیوی نے کہا کہ کل صبح کچھ سویرے بستر سے اٹھ جانا تاکہ آپ کو اس کلام کا پتہ چل جائے، حسب معمول وہ رات میں اپنا تازہ کلام لکھ کر میز پر رکھ کر سو گئے اور دوسرے دن حسب وعدہ کچھ سویرے اٹھے تو کیا دیکھتے ہیں کہ بیوی صاحبہ محترمہ ان کے شاعری کے کاغذات کے ذریعہ لکڑیوں کا چولھا سلگا رہی ہیں۔ جب وہ چیخ اٹھے تو محترمہ نے کہا کہ برسہا برس سے یہی میرا معمول ہے۔ دوسرے مرد فرصت کے اوقات میں بھی کام کر کے اپنی مالی حالت اچھی بناتے ہیں اور تم اس لعنت میں گرفتار ہیں، مجھے پہلے معلوم ہوتا کہ تمہیں شاعری کا روگ ہے تو میں کبھی تم سے شادی نہ کرتی وغیرہ وغیرہ۔

اسی طرح میں اپنے بچوں کو بھی قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہوں جو کہ میری شاعری ہو کہ مضامین ان سب کاغذات کو سینت سینت کر حفاظت سے رکھتے ہیں۔ اللہ ان سب کی عمر و

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اقبال میں ترقی اور برکت عطا فرمائے۔ امین یارب العالمین!

میرا کلام جن اخبارات ومجلّات میں شائع ہوا ہے یا ہوتا رہتا ہے ان کی کچھ تفصیل یہ ہے، قلمی رسالہ ماہنامہ ''تنویر'' منجانب طلبائے جامعہ دارالسلام عمرآباد، سالنامہ ''دارالسلام'' منجانب طلباء واساتذہ عمرآباد، روزنامہ بنارس (جس کا نام بھول رہا ہوں) روزنامہ' سیاست' حیدرآباد دکن، ماہنامہ 'البیان' حیدرآباد، ماہنامہ 'صورت الفرقان' حیدرآباد، پندرہ روزہ 'ترجمان' دہلی ہفت روزہ 'مسلم' سرینگر کشمیر ہفت روزہ 'اہلحدیث' لاہور پاکستان، روزنامہ 'جنگ' لندن، روزنامہ 'نیشن' لندن' روزنامہ 'اوصاف' لندن، پاکستان ہفت روزہ 'اردو نیوز' کراچی، امریکہ، لندن ہفت روزہ 'نوائے وقت' لندن پاکستان ہفت روزہ 'پاکستان پوسٹ' لندن ہفت روزہ 'کشمیر پوسٹ' برمنگھم 'دی عوام' نیوز برطانیہ، ماہنامہ 'نوائے پاکستان' برمنگھم اور ماہنامہ 'صراط مستقیم' برمنگھم وغیرہ۔ اللہ پاک ان سب حوصلہ افزائی کرنے والے محترم مدیر حضرات اور ذمہ داروں کو جزائے خیر عطا فرمائے۔

اب آخر میں اللہ پاک کا بے انتہا شکریہ ادا کرتے ہوئے میں یہی کہوں گا بقول شاعر

جو کچھ کہ ہوا، ہوا کرم سے تیرے
جو کچھ ہو گا، تیرے کرم سے ہوگا

ڈاکٹر محمد عبدالرب ثاقبؔ عمری سلفی
مولوی فاضل، اردو فاضل، افضل العلماء
ایم اوایل، ناظم نشرواشاعت، استاذ وخطیب
ڈڈلی، برمنگھم، انگلینڈ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سپاس نامہ

متاعِ صبر لٹی ، دولت قرار گئی وہ ہم سے دور ہوئے ، رونق بہار گئی
حیات ، لذت وغم کا حسین سنگم ہے کہ آئی ناز سے ، لوٹی تو اشکبار گئی
وطن جو لوٹے تو عقدہ کھلا ہے یہ ثاقبؔ خزاں تھی دشت میں، اب گھر سے بھی بہار گئی

شاعری زبان کو نکھارتی ہی نہیں بلکہ اسے حسن نزاکت بھی بخشتی ہے۔لفظوں کو شعر وسخن میں پرونے کا کام وہی فنکار کر سکتے ہیں جو الفاظ کے تلفظ ومعانی ،صوت کے ساز وسنگیت اور عروض کی زیر وبم سے جانکاری رکھتے ہوں۔ یہ محض قافیہ وردیف کی یکجائی نہیں ، بلکہ علم وہنر کی یکتائی ہے۔ذوق سلیم کی تسکین کرتا ہوا ایک ہی شعر، شاعر کی پہچان کا باعث بن سکتا ہے۔غزل وہ کہ جسے تان سین نہیں تو کم از کم مہدی حسن گانے کے لئے اصرار کرے۔نظم وہ کہ جسے ادب اعلی اپنانے کے لئے بے قرار لگے۔قطعہ وہ کہ جو وقت کا عنوان ٹھہرے۔ریاض ایسا ہو نطق شعر میں ڈھلے پلے، ورنہ ہمہ شما کتنے ہیں کہ جو انگلیوں پر خون لگا کر شہیدوں میں شامل ہوا چاہتے ہیں۔ نیز رخش پرواز جب خیال کی انتہاؤں کو چھونے لگے تو تخئیل الفاظ کے اڑان کھٹولے میں عروسۂ دمساز کی سج دھج لئے لیلائے حسن زار کی شب خوابیوں کو لطف نو بہار عطا کرتا ہے، اور عشق دل ناصبور کی بے تابیوں کو دشت طلب کی صعوبتوں سے دلفگار کرتا ہے۔خیال کی برقی لہر لطافت ،سینہ ادراک سے جب

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نسیم بار پار ہوتی ہوئی، قلب سلیم کو لمس اعجاز سے چھن چھنا جاتی ہے، تو قاری اور سامع، مرغ بسمل کی طرح پھڑ پھڑاتا رہ جاتا ہے۔ بس سمجھ لیجئے کہ ایک شعر ہوا ہے۔ جو جسم کو گدازتا اور روح کو بالیدگی عطا کرتا ہے۔

میں کہ ناواقف اسرارفنون اشعار ہوں، شعر گوئی کی دشت نوردی کی ہمہ اوج ناکامی ونومیدی کے اعتراف صادقہ کے باوجود ڈاکٹر ثاقب کے پہلے مجموعہ کلام ''فیضان ربانی'' پر زیر نظر چند حروف کی جسارت رندانہ کا سبب، ڈاکٹر صاحب سے دلی لگاؤ ہے۔ جو انہی کی نظر نوازی کا مرہون منت ہے۔ ڈاکٹر صاحب نرم خو اور شفیق مزاج تو ہیں ہی، مگر مجھ سے خاص شفقت فرماتے ہیں۔ یہ الگ بات ہے کہ میری طرح ان سے ملنے والا ہر شخص یہی سمجھتا ہے کہ وہ اس طرح صرف اسی سے ملتے ہیں۔ خدمت خلق ہو یا کہ خدمت دین، صحافت ہو یا کہ خطابت، ڈاکٹر ثاقب پوری وضعداری سے کھلتے ملتے ہیں۔ ان کے دینی علم کا شہرہ مقامی مساجد کے منبر ومحراب میں ہمہ وقت سنائی دیتا ہے۔ اردو فورم (یو۔کے) برمنگھم کی محافل شعر وادب کو ان کی سالہا سال کی رفاقت کا اعزاز حاصل ہے۔ مشاعرہ ہمیشہ ترنم سے پڑھتے ہیں۔ لحن، مردانہ وجاہت سے لبریز ہے۔ دل موہ لیتے ہیں۔ نعت، بہت شوق واحترام کے ساتھ لکھتے ہیں۔ زیادہ تر غزل کہتے ہیں۔ فکر پر دین کی چھاپ اسقدر گہری ہے کہ اکثر غزل میں بھی مذہب کی بات کہہ جاتے ہیں۔ حسب ضرورت قصائد اور سہرہ، گانہ بھی کامیاب لکھ لیتے ہیں۔

ڈاکٹر صاحب کی کلام کی کمپیوٹر پر کتابت کرنے کی سعادت شہر کے ایک جید عالم جناب مولانا عبدالحق کو حاصل ہوئی ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ ''ڈاکٹر صاحب نے اپنے کلام کی ترتیب وتدوین میں اسقدر انہماک سے کام لیا ہے کہ آخری مراحل تک میرے ناک

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

میں دم کر رکھا تھا۔ 'اسے یوں لکھیں، یہ یہاں سے اٹھا کر وہاں رکھیں، یہ کریں وہ کریں' کئی بار ہتھیار ڈالنے کی سوچ میں پڑا ہوں۔'' ڈاکٹر صاحب کی یہ باریک بینی اور احتیاط کا پہلو سبق آموز ہے۔ ان کی شخصیت کے کئی اور خد و خال بڑے نمایاں اور جاذب نظر ہیں، دوران گفتگو چہرے پر ایک ہلکے تبسم کا ہالہ چھایا رہتا ہے۔ نظریں ہمیشہ حیا کے بوجھ سے جھکی رہتی ہیں، میری دعا ہے کہ ان کے سراپے کا یہ سحر اور شخصیت کی یہ جاذبیت قائم و دائم رہے۔ آمین! میرا یقین پختہ ہے کہ آپ ان کے زیر نظر کلام سے خوب محظوظ ہوں گے۔ لہذا بسم اللہ! آگے بڑھیئے۔

دعا گو: ملک فضل حسین
ڈائرکٹر اردو فورم (یو۔ کے) برمنگھم
فون نمبر: 0781 469 5626
ماہ اپریل 2004ء



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تبصرہ از: ڈاکٹر محمد ثناء اللہ ثانی
(حیدرآباد دکن)

فیضان ربانی

ڈاکٹر محمد عبدالرب ثاقب عمری سلفی ایک جید عالم، ایک شیریں بیاں خطیب اور فطری شاعر ہیں۔ طالب علمی کے زمانہ ہی سے ان کی یہ فطری صلاحیتیں منظر عام پر رونما ہوئیں۔ ایک اچھے شاعر ہونے کے باوجود آج بھی وہ اپنے شفیق استاذ مولانا ابوالبیان حماد عمری مدظلہ العالی سے اپنے کلام کی اصلاح لیتے ہیں۔ مولانا کا پیش لفظ ثاقب صاحب کی شاعرانہ صلاحیتوں پر روشنی ڈالتا ہے۔

ثاقب صاحب نے حمد، نعت، نظم، غزل، تہنیت، ترانے، رباعیات، قطعات، مرثیئے، ہجو تمام اصناف سخن پر طبع آزمائی کی ہے اور ایک کامیاب شاعر ہونے کا ثبوت دیا ہے۔

ان کے کلام میں بلا کی سادگی، رنگینی، معنی آفرینی اور دلکشی پائی جاتی ہے۔ عالم ہونے کے اعتبار سے حمد، نعت و نظم، کے بہت سے اشعار قرآنی آیات کا مفہوم لئے ہوئے ہیں۔ تلمیحات قرآنی ان کے کلام کا اعجاز ہیں۔ سورہ کہف کی آیت ۱۰۹، کو پڑھئے ''کہہ دیجئے کہ اگر میرے پروردگار کی باتوں کے لکھنے کے لئے سمندر سیاہی بن جائے تو وہ بھی میرے رب کی باتوں کے ختم ہونے سے پہلے ہی ختم ہو جائے گا۔'' گو ہم اسی جیسا اور بھی اس کی مدد میں لئے آئیں۔''

اب ثاقب صاحب کے اس شعر کو پڑھیں اور داد دیں کہ کس خوبصورتی سے اس مضمون کو شعر میں ڈھالا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کس طرح حمد تیری ہم سے بیاں ہو یارب
محدود اپنی ہستی تو بحر بے کنارا

سورہ ال عمران کی آیت ۸۵ ''جو شخص اسلام کے سوا اور دین تلاش کرے، اس کا دین قبول نہ کیا جائیگا اور وہ آخرت میں نقصان پانے والوں میں ہوگا۔''

اب دیکھئے ثاقب صاحب نے کس خوبصورتی سے اس آیت کریمہ کو نظم میں ڈھالا ہے۔

بندوں کو تو نے نعمت اسلام کی جو بخشی
اب چھوڑ کر یہ نعمت پاتے ہیں وہ خسارا

درج ذیل تلمیح طلب اشعار کو پڑھ کر اپنے ایمان کو تازہ کیجئے۔

ایوب ہوں کہ یوسف موسیٰؑ ہوں یا کہ عیسیٰؑ
تو ہی بنا ہے سب کے دکھ درد کا سہارا
آتشکدے کو تو نے گلشن بنادیا تھا
نمرود کو گماں تھا ہے آگ پر اجارا

تحفۂ معراج پر شعر حدیث ''میری آنکھوں کی ٹھنڈک نماز میں ہے'' کا ترجمہ معلوم ہوتا ہے

تو نے عطا کیا ہے معراج میں جو تحفہ
وہ آنکھ کی ہے ٹھنڈک وہ غم کا ہے سہارا

ثاقبؔ صاحب اپنی شاعری کو توحید کی عطا قرار دیتے ہیں۔

ثاقبؔ کو تو نے یا رب توحید سے نوازا
توحید ہی نے اس کو تحمید پر ابھارا

نعت گوئی کوئی آسان فن نہیں۔ بقول ماہر القادری۔ ''اک سمت محبت ہوتی ہے اک سمت شریعت ہوتی ہے۔''

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ثاقبؔ صاحب نے فن نعت گوئی میں عظمت رسولؐ اور محبت رسولؐ کا مظاہرہ جس عقیدت کے ساتھ کیا ہے اور وہ قابل تحسین ہے۔ بطور نمونہ چند اشعار ملاحظہ ہوں۔

نبیؐ کی ذات اقدس مرکز فہم و فراست ہے
نبیؐ کی ذات اقدس مصدر علم و فصاحت ہے
نبیؐ کی ذات اقدس مخزن عرفان و حکمت ہے
نبیؐ کی ذات اقدس مشعل رشد و ہدایت ہے

پیارے نبی ﷺ نے فرمایا کہ شریعت محمدی کی موجودگی میں کسی اور شریعت کی ضرورت باقی نہیں رہتی۔

اگر سورج چمکتا ہو تو گل کردو چراغوں کو
اگر ہو چاند روشن جگنوؤں کی کیا ضرورت ہے

محبت واطاعت رسول ﷺ تقاضہ ایمان ہے اور انہیں کیلئے جنت کی بشارت ہے۔

نبیؐ کی سنتوں سے جس کسی کو بھی عداوت ہے
وہی دنیا میں رسوا ہے اسے عقبیٰ میں ذلت ہے
نبیؐ کی ذات سے ہر اک مسلماں کو محبت ہے
محبت و الہانہ ہو تو جنت کی بشارت ہے

گلہائے تہنیت میں بڑی سادگی اور کشش پائی جاتی ہے۔ قاری ان نظموں کے مطالعہ میں ایک فرحت محسوس کرتا ہے۔ انہوں نے مختصر قصائد لکھے ہیں جو ان کے خلوص کے آئینہ دار ہیں۔ استاد محترم کی شان میں لکھتے ہیں۔

میری دینی تربیت بھی فیض سے جن کی ہوئی
ہیں میرے استاد عالی بو البیاں عالی جناب

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

شاعری میں وہ مرے مرشد ہیں میں ان کا مرید
میرے مرشد کو جزائے خیر دے رب وہاب

ثاقبؔ صاحب ایک متحرک اور فعال آدمی ہیں۔ان کی ساری زندگی سعی و جہد سے عبارت ہے۔حصول علم کے لئے ایک طویل عرصہ عمرآباد کے مدرسہ میں رہے۔پھر بنارس میں تعلیم حاصل کی۔حیدرآباد میں پیشۂ تدریس سے وابستہ رہے۔بعدازاں سعودی عرب الخبر میں ملازمت کی۔اپنے کفیل شیخ سالم مبارک الجوہی کی تعریف میں لکھی نظم ان کی اپنے کفیل سے محبت کا اظہار ہے۔

راست گو حق پرست اور بیباک
ان کو آتی نہیں ہے روباہی
پیکر صدق و حلم و خوش خلقی
نطق ہے گویا ان کی خاموشی

برمنگھم کے دورہ پر معالی الشیخ علامہ صالح آل شیخ کی آمد پر ایک تہنیت پیش کی ہے۔

جس مسلماں کا یقین محکم عمل پیہم رہے
نصرت غیبی نہ کیوں اس کی کرے ہر دم خدا
اپنی فکر انگیز تصنیفات لکھ کر آپ نے
طالبان علم میں گوہر لٹائے بے بہا

نظم بہنوں سے خطاب ایک اصلاحی نظم ہے جس میں نادر تشبیہات ملتی ہیں۔خواتین کی سیرت کی تعمیر میں یہ نظم نہایت مفید ہے۔

ایک ''نظم'' میں تقدیر کی گرہیں کس عمدگی سے کھولی ہیں۔شعر حدیث ''تقدیر کو کوئی چیز نہیں بدلتی مگر دعا'' کی مکمل تشریح معلوم ہوتی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جو لا علاج ہوتا ہے ہر اک دوا کے بعد
اللہ فضل کرتا ہے اس پر دعا کے بعد

ایک ترانہ کے چند اشعار دیکھئے جس میں دینی وعصری علوم کا کتنا حسین امتزاج ہے۔

تفسیر آیات کریں گے
سائنسی ایجادات کریں گے
فکر کو لے کر ذکر کے ہمراہ
سفر خلاء کی بات کریں گے

عبدالرب ثاقب عمری صاحب غزل کے شہنشاہ ہیں۔ انہوں نے نہایت شاندار غزلیں لکھی ہیں۔ انہیں کلاسیکی ادب میں جگہ دی جاسکتی ہے۔ طالب علمی کے دوران انہوں نے علامہ اقبال، جوش ملیح آبادی، خواجہ الطاف حسین حالی، مرزا اسداللہ خان غالب، فیض احمد فیض، اختر شیرانی، اسرار الحق مجاز، انور مرزا پوری کے کلام کا خوب مطالعہ کیا تھا۔ یہی وجہ ہے کہ ان کے کلام میں قدیم وجدید کا بڑا حسین امتزاج پایا جاتا ہے۔ الفاظ کا سلیقہ، معنی آفرینی، کلام میں رنگینی اور پختگی سب کچھ موجود ہے۔

ثاقب صاحب کی عمر کا بڑا حصہ تلاش معاش میں مادر وطن سے دور گذرا۔ اپنے گھر پر رہنے کا بہت کم موقع ملا ہے۔ چنانچہ لکھتے ہیں۔

ہم اپنے گھر میں بہت کم قیام کرتے ہیں
وطن سے دور بہت دور کام کرتے ہیں
چھوڑ کر اپنا وطن شاہیں کے بال و پر لئے
ہم بخوبی گردش دوراں کو سلجھانے گئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بعد مدت اس طرح ہم ان کو سمجھانے گئے
جیسے بچے کو کھلونے دے کے بہلانے گئے

اس غزل میں غالب کا رنگ غالب ہے۔

بڑھ کر نہیں اک خواب سے دنیا میرے آگے
داد اس کی جو دے گا وہی سچا مرے آگے
اپنی ہی جسے ذات کا عرفان ہو حاصل
ہے ایک وہی دیدۂ بینا مرے آگے

اس غزل میں نازک خیالی کی داد دیجئے۔

اجڑے ہوئے گلشن کی تعمیر کو کیا کہیئے
ہلکے سے تبسم کی تاثیر کو کیا کہیئے
معصوم سے ہونٹوں کی تحریر کو کیا کہیئے
خاموش نگاہوں کی تقریر کو کیا کہیئے

ثاقبؔ صاحب کی شاعری بھی میرؔ کے کلام کی طرح غم کی شاعری ہے لیکن وہ قاری کو غم سے نکال کر سعی پیہم میں لگا دیتے ہیں۔ ان کا فلسفہ غم اس شعر میں عیاں ہے۔

ثاقبؔ نہ لگا دل کو اس درجہ تو دنیا سے
ہر لمحہ ٔ راحت پر بس غم کا اجارا ہے

غم کا نفسیاتی علاج بھی پیش کیا ہے۔

دل سے اب غم کو مٹانے کے لئے اشک کا دریا بہانا چاہیئے

غالب نے کہا تھا:

درد کا حد سے گذرنا ہے دوا ہوجانا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ثاقب صاحب رقمطراز ہیں۔

کس لئے جستجو ئے مرہم ہے
''درد خود ہی دوا نہیں ہے کیا؟''

علامہ اقبال نے فرمایا:

گرا جو دانہ زمیں پر وہی نہال ہوا
حیات بعد ملی پہلے انتقال ہوا

ثاقب صاحب نے اسی خیال کی یوں عکاسی کی ہے۔

جو شاخ دفن ہوئی تب کھلا ہے پھول اس پر
کہ پہلے موت ہوئی بعد میں شباب آیا

بیکل اتساہی کا ایک شعر:

لوگ ساحل پہ روتے سسکتے رہے میرا منجدھار میں ڈوبنا دیکھ کر
اپنے ہاتھوں میں کاغذ کی کشتی لئے ایک بچہ مگر مسکراتا رہا

ثاقب صاحب نے بھی اس طویل بحر میں طبع آزمائی کی ہے۔

سیم و زر کی تمنائیں دل میں لئے محل خوابوں کے تعمیر کرتا رہا
جیسے دریا کنارے کوئی بیٹھ کر نقش آب رواں پر بناتا رہا
یہ فضاؤں میں اڑتا ہوا آدمی جس نے شمس و قمر کو مسخر کیا
زندگی میں ترقی تو حاصل ہوئی پر سکوں کے لئے تلملاتا رہا

اس شعر میں فیض کا رنگ صاف نظر آتا ہے۔

وہ شب کو آئیں گے یا آئیں گے بوقت سحر
اس انتظار میں شام و سحر سے گذرے ہیں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

انسان کی دوعملی سے ثاقب صاحب بیزار ہیں۔

ہے دل میں نہاں اور زباں پر ہے عیاں اور
اس دور میں انساں کے ہوئے قلب و زباں اور

ہوشربا گرانی نے انسان کی کمر توڑ دی اور وہ کشمکش حیات میں سرشار ہے۔

زمیں کی سیر بھی ہم سے نہ ہوسکی ثاقبؔ
وہ اہل فکر خلاؤں میں جا کے آئے ہیں

ایک مرصع غزل کے چند اشعار پڑھیے اور لطف اٹھایئے۔

نہ مہر و مہ نہ ستاروں میں پائی جاتی ہے
چمک وہ جو تری آنکھوں میں پائی جاتی ہے
نہ مشک میں ہے نہ عنبر میں اور نہ پھولوں میں
مہک وہ جو تری زلفوں میں پائی جاتی ہے
نہ عندلیب نہ کوئل میں اور نہ مینا میں
چہک وہ جو ترے نغموں میں پائی جاتی ہے

مختصر یہ کہ ''فیضان ربانی'' ثاقب صاحب کے افکار و خیالات کا سرمایہ، جذبات و احساسات کا بہتا دریا، اور تجربات کی کان ہے۔

میں اس دیوان کی اشاعت پر ثاقبؔ صاحب کو دلی مبارکباد پیش کرتا ہوں اور مجھے قوی امید ہے کہ یہ کلام اہل علم میں قدر و منزلت کی نگاہ سے دیکھا جائے گا اور اسے خوب پذیرائی حاصل ہوگی۔ انشاءاللہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ثاقبؔ کو تو نے یا رب توحید سے نوازا
توحید ہی نے اس کو تحمید پر اُبھارا



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حمدؔ

تو رب کبریا ہے مالک ہے تو ہمارا
تیرے سوا کوئی بھی اپنا نہیں سہارا

کس طرح حمد تیری ہم سے بیاں ہو یا رب
محدود اپنی ہستی تو بحرِ بے کنارا

بندوں کو تو نے نعمت اسلام کی جو بخشی
اب چھوڑ کر یہ نعمت پاتے ہیں وہ خسارا

گرتے ہوؤں کو تو نے یارب اٹھا دیا ہے
بگڑا ہوا نصیبہ مجبور کا سنوارا

ایوبؑ ہوں کہ یوسفؑ ،موسیٰؑ ہوں یا کہ عیسیٰؑ
تو ہی بنا ہے سب کے دکھ درد کا سہارا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

آتش کدے کو تو نے گلشن بنا دیا تھا
نمرود کو گماں تھا ہے آگ پر اجارا

تو نے عطا کیا تھا معراج میں جو تحفہ
وہ آنکھ کی ہے ٹھنڈک وہ غم کا ہے سہارا

تیری نوازشوں کے ہیں نت نئے کرشمے
طعنوں سے دشمنوں کے تو نے مجھے سدھارا

اسلاف پر کرم تھا جس طرح تیرا یا رب
چشمِ کرم کا ہم پر ہو جائے کچھ اشارا

ثاقبؔ کو تو نے یارب توحید سے نوازا
توحید ہی نے اس کو تحمید پر ابھارا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اگر سورج چمکتا ہو تو گُل کردو چراغوں کو
اگر ہو چاند روشن جگنوؤں کی کیا ضرورت ہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نعت

خدا کی ذاتِ واحد منبعِ دریائے رحمت ہے
محمدؐ رحمۃٌ للعلمیں ، کیا ان کی عظمت ہے

نبیؐ کی ذاتِ اقدس مرکزِ فہم و فراست ہے
نبیؐ کی ذاتِ اقدس مصدرِ علم و فصاحت ہے

نبیؐ کی ذاتِ اقدس مخزنِ عرفان و حکمت ہے
نبیؐ کی ذاتِ اقدس مشعلِ رشد و ہدایت ہے

نبیؐ کی ذاتِ اقدس ماحیٔ کفر و ضلالت ہے
نبیؐ کی ذاتِ اقدس حاملِ قرآن و سنت ہے

www.KitaboSunnat.com

نبیؐ کا جو طریقہ ہے ، وہی راہِ طریقت ہے
جو ہے طرزِ عمل ان کا وہی اصلِ حقیقت ہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نبیؐ کی سنتوں سے جس کسی کو بھی عداوت ہے
وہی دنیا میں رسوا ہے اسے عقبیٰ میں ذلت ہے

نبیؐ کی ذات سے ہر اک مسلماں کو محبت ہے
محبت والہانہ ہو تو جنت کی بشارت ہے

ہمارے واسطے ہے رہنما اسوہ محمدؐ کا
یہی اسوہ ہے جو ایماں کی اک واضح علامت ہے

اگر موسیٰؑ پیمبر بھی چلے آئیں جو دنیا میں
تو کہہ دیں گے کہ اب میری شریعت بے ضرورت ہے

ہزاروں رحمتیں برسیں امامِ بوحنیفہؒ پر
اِذَا صَحَّ الْحَدِیْثُ مَذْھَبِیْ[1] ان کی وصیت ہے

اگر سورج چمکتا ہو تو گل کردو چراغوں کو
اگر ہو چاند روشن جگنوؤں کی کیا ضرورت ہے

---

[1] صحیح حدیث میرا مذہب ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تمہارا گر عمل ہوگا کتاب اللہ و سنت پر
کبھی گمرہ نہ تم ہو گے نبیؐ کی یہ نصیحت ہے

امیروں میں سخاوت کی صفت بیدار ہو جائے
سخی کی آن اونچی ہے بڑی شانِ سخاوت ہے

دعا ہے پھر خلوص و دلربائی عام ہو جائے
محبت سے رہیں باہم یہی شانِ اخوت ہے

محمدؐ رحمتِ عالم ہیں ثاقبؔ ، رہنما سب کے
اطاعت کر اگر ان سے تجھے سچی محبت ہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نعت

خدا کی ذاتِ واحد منبعِ دریائے رحمت ہے
محمدؐ رحمۃٌ للعٰلمیں ، کیا ان کی عظمت ہے

نبیؐ کی ذاتِ اقدس مرکزِ فہم و فراست ہے
نبیؐ کی ذاتِ اقدس مصدرِ علم و فصاحت ہے

نبیؐ کی ذاتِ اقدس مخزنِ عرفان و حکمت ہے
نبیؐ کی ذاتِ اقدس مشعلِ رشد و ہدایت ہے

نبیؐ کی ذاتِ اقدس ماحیٔ کفر و ضلالت ہے
نبیؐ کی ذاتِ اقدس حاملِ قرآن و سنت ہے

نبیؐ کا جو طریقہ ہے ، وہی راہِ طریقت ہے
جو ہے طرزِ عمل ان کا وہی اصلِ حقیقت ہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نبیؐ کی سنتوں سے جس کسی کو بھی عداوت ہے
وہی دنیا میں رسوا ہے اسے عقبیٰ میں ذلت ہے

نبیؐ کی ذات سے ہر اک مسلماں کو محبت ہے
محبت والہانہ ہو تو جنت کی بشارت ہے

ہمارے واسطے ہے رہنما اسوہ محمدؐ کا
یہی اسوہ ہے جو ایماں کی اک واضح علامت ہے

اگر موسیٰؑ پیمبر بھی چلے آئیں جو دنیا میں
تو کہہ دیں گے کہ اب میری شریعت بے ضرورت ہے

ہزاروں رحمتیں برسیں امامِ بوحنیفہؒ پر
اِذَا صَحَّ الْحَدِیْثُ مَذْھَبِیْ[1] ان کی وصیت ہے

---

[1] صحیح حدیث میرا مذہب ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اگر سورج چمکتا ہو تو گل کردو چراغوں کو
اگر ہو چاند روشن جگنوؤں کی کیا ضرورت ہے

تمہارا گر عمل ہوگا کتاب اللہ و سنت پر
کبھی گمرہ نہ تم ہو گے نبیؐ کی یہ نصیحت ہے

امیروں میں سخاوت کی صفت بیدار ہو جائے
سخی کی آن اونچی ہے بڑی شانِ سخاوت ہے

دعا ہے پھر خلوص و دلربائی عام ہو جائے
محبت سے رہیں باہم یہی شانِ اخوت ہے

محمدؐ رحمتِ عالم ہیں ثاقبؔ ، رہنما سب کے
اطاعت کر اگر ان سے تجھے سچی محبت ہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نعتِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم

طریقِ مصطفیٰؐ پر خود کو جو لایا نہیں کرتے
حقیقت میں وہ لطفِ بندگی پایا نہیں کرتے

مسلماں شرک و بدعت سے ہمیشہ دور رہتے ہیں
کبھی غیرِ خدا سے دل کو بہلایا نہیں کرتے

یہ روضہ ہے محمدؐ کا ، زیارت اس کی تم کر لو
مسلماں تو یہاں دامن کو پھیلایا نہیں کرتے

یہی ہے مسجدِ نبویؐ یہاں پڑھ لو نمازیں تم
سعادت کے یہ لمحے بار بار آیا نہیں کرتے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جو ہے تو اُمتی قربان ہوجا ان کے اسوہ پر
نبیؐ کے متبع طعنوں سے گھبرایا نہیں کرتے

جو سنت کا ہو شیدائی شفاعت اس کی ہوتی ہے
شفاعت اہلِ بدعت کی وہ فرمایا نہیں کرتے

جو ارشاداتِ نبویؐ کو بنالیں حرزِ جاں ثاقبؔ
قیامت میں وہ کوثر پی کے گھبرایا نہیں کرتے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نعت محمد نبی کریم ﷺ

طَلَعَ الْبَدْرُ عَلَيْنَا، کون؟ محمدِ کریم
وَجَبَ الشُّکْرُ عَلَيْنَا، کون؟ محمدؐ کریم

برتر ہیں جو بعدِ خدا ، کون؟ محمدؐ کریم
ہیں جو امام الانبیاء ، کون؟ محمدؐ کریم

جس نے جلائی شمعِ حق ظلمتِ کفر و باطل میں
جن و بشر کا راہ نما ، کون؟ محمدؐ کریم

شوہر ہیں جو عائشہؓ کے ، حسنینؓ کے ہیں نانا بھی
والد بی بی فاطمہؓ ، کون؟ محمدؐ کریم

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

زیبِ حرم ہے حرا کا نور ، ہر دو جہاں کا کوہِ نور
دُرِّ یتیمِ آمنہ ، کون؟ محمدؐ کریم

جو ہے مبلغ مکے کا ، جو ہے منادی طیبہ کا
بستر جس کا تھا بوریا ، کون؟ محمدؐ کریم

رب سے ملے جو عرش پر ، سدرہ تھا جن کا راہ گزر
ہیں جو نازشِ انبیاء ، کون؟ محمدؐ کریم

ہاتھ میں جن کے بول اُٹھیں کنکریاں خود ہی برملا
قرآں ہے جن کا معجزہ ، کون؟ محمدؐ کریم

طائف میں جب وہ پہنچے زخموں ہی سے چُور ہوئے
دیتے ہیں ان کو پھر بھی دعا ، کون؟ محمدؐ کریم

تلمیذِ رحمٰن و رحیم ، فاضلِ درسگاہِ حرا
'اقرأ' جس کی ابتدا ، کون؟ محمدؐ کریم

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

شان میں جن کی ثاقبؔ نے نعتیہ اشعار کہے
ہیں وہی جانِ اتقیاء ، کون؟ محمدؐ کریم

میں بھی اسی مرسل کا ادنیٰ سا ہوں امتی
شکرِ خدا ، نہ مشرک ہوں اور نہ ہوں میں بدعتی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نعتِ خاتم النبیین ﷺ

خاتم الانبیاء ہیں ہمارے نبیؐ
حضرتِ مصطفیٰؐ ہیں ہمارے نبیؐ

رہبر و رہنما ہیں ہمارے نبیؐ
مجتبیٰ ، مقتدیٰ ہیں ہمارے نبیؐ

ہادیٔ دوجہاں ہیں ہمارے نبیؐ
داعیٔ اِنس و جاں ہیں ہمارے نبیؐ

سرورِ دوسرا ہیں ہمارے نبیؐ
سیدالانبیاءؐ ہیں ہمارے نبیؐ

آپؐ آئے ہدایت مکمل ہوئی
آپؐ آئے شریعت مکمل ہوئی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہے فصاحت کا جوہر ، نبیؐ کی زباں
وصف ''مرزا'' کی باتوں میں ایسا کہاں؟

چاند ہے چودھویں کا ہمارے نبیؐ
صبح کاذب کا تارا ہے ''مرزا'' نبی

علم کا ہے سمندر ہمارے نبیؐ
''قادیانی'' ہو کیسے کسی کا نبی؟!

ہر نبیؐ نے تو مولا پہ تکیہ کیا
مٹ گیا جس نے ''مرزا'' پہ تکیہ کیا

کیوں نہ گر جائیں ''رَبوَہ'' کے ''لات'' و ''ہُبل''
سن کے ثاقبؔ کی یہ نعتِ ختم الرسلؐ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

شرک سے پاک نعت

شاہِ مدینہؐ ، شاہِ مدینہؐ
شاہِ مدینہؐ ، یثرب کے والی
سارے نبی ہیں رب کے سوالی
شاہِ مدینہؐ ، شاہِ مدینہؐ

جلوے ہیں سارے رب ہی کے دم سے
آباد عالم رب کے کرم سے
باقی ہر اک شئی نقشِ خیالی
سارے نبی ہیں رب کے سوالی
شاہِ مدینہؐ ، شاہِ مدینہؐ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

رب ہی کے دم سے دنیا بنی ہے
نیلے فلک کی چادر تنی ہے
احمدؐ نہ ہوتے دنیا تھی کالی
سارے نبی ہیں رب کے سوالی
شاہِ مدینہؐ ، شاہِ مدینہؐ

صرف آپؐ پہنچے عرشِ بریں تک
بعدِ خدا ہیں افضل وہ بے شک
کاندھے پہ بھر بھی ، کملی ہے کالی
سارے نبی ہیں رب کے سوالی

شاہِ مدینہؐ ، شاہِ مدینہؐ
نورِ خدا ہے شمس و قمر میں
ہے اس کی قدرت شام و سحر میں
پھولوں میں ڈالی ، خوشبو نرالی

سارے نبی ہیں رب کے سوالی
شاہِ مدینہؐ ، شاہِ مدینہؐ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نظمیں

تثلیث کو توحید کا پیغام بنا دو
اسلام کو یورپ کی فضاؤں میں بسا دو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نظم

تثلیث کو توحید کا پیغام سنا دو
اسلام کو یورپ کی فضاؤں میں بسا دو

کب تک رہے ملت میں بھلا بغض و عداوت
ہم ایک ہیں آپس میں یہ دنیا کو بتا دو

عربی میں ہو کچھ فخر نہ عجمی میں ہو نفرت
تقویٰ جو ہے بنیادِ شرف سب کو بتا دو

شرقی کو ذرا بھی نہ ہو غربی سے عداوت
کردار سے ایمان کی تنویر بڑھا دو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہرگز نہ کسی قلب کو آزردہ کرو تم
اخلاقِ محمدؐ کی بھی تصویر دکھا دو

فریاد بہ لب کب سے ہیں مظلوم مسلماں
للہ! تشدد سے ہمیں جلد چھڑا دو

آگاہ ہمیں کرتا ہے ہر لمحہ گھڑی کا
یہ وقت نہیں عیش کا ، اس کو نہ گنوا دو

مرکز سے ہر ایک شاخ کا ہو رابطہ محکم
اے اہلِ چمن نظمِ گلستاں کو سجا دو

ملت کی قیادت کو یہ ثاقبؔ کی صدا ہے
اس ملتِ خفتہ کو ، اٹھو پھر سے جگا دو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

غافل ملت!

غفلت میں جو ملت ہوتی ہے
وہ مایہ اپنا کھوتی ہے
تدبیر وہی کرتا ہے جسے
تقدیر بنانی ہوتی ہے
سینچے نہ اگر کھیتی دہقاں
وہ کھیتی ہری کب ہوتی ہے
تاریکیِ شب کے بعد آخر
پھر صبح درخشاں ہوتی ہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

چلا جا!

شرافت کا پرچم اُڑاتا چلا جا
نشانِ جہالت مٹاتا چلا جا

تو درسِ نفاست پڑھاتا چلا جا
اُصولِ نظافت سکھاتا چلا جا

وعیدِ نجاست بتاتا چلا جا
نویدِ طہارت سناتا چلا جا

تو راہِ ہدایت بتاتا چلا جا
ضلالت کی رہ سے ہٹاتا چلا جا

سخاوت کی برکت بتاتا چلا جا
بخالت سے سب کو بچاتا چلا جا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سلاحِ یقیں آزماتا چلا جا
شیاطیں کی دُرگت بناتا چلا جا

ہیں شرک اور بدعت سراسر نجاست
نجاست سے نفرت دلاتا چلا جا

خدا کی حکومت ہو قائم زمیں پر
خیالاتِ باطل مٹاتا چلا جا

رسولِؐ خدا راہبر ہیں ہمارے
تو منزل پہ دنیا کو لاتا چلا جا

خزاں آ گئی گلشنِ زندگی میں
بہارِ یقیں اس میں لاتا چلا جا

گلستانِ دیں کب سے بے رنگ و بُو ہے
تو پھر اس کی رونق بڑھاتا چلا جا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

چراغِ رسالت کو اُسوہ بنا کر
قدم سوئے منزل بڑھاتا چلا جا

قدم ڈگمگائے نہ راہِ وفا میں
ہر ایک دل پہ سکّہ بٹھاتا چلا جا

خود اپنوں سے نفرت ، یہ کیسی اخوت؟
محبت سے نظریں ملاتا چلا جا

بہت ٹھوکریں تو نے کھائی ہیں مسلم!
سنبھل کر قدم اب اٹھاتا چلا جا

سکوں کے لئے تشنہ لب ہے زمانہ
تو جامِ اُخوت پلاتا چلا جا

ملے راہ میں کوئی بھی تجھ سے ثاقبؔ
سلامِ محبت سناتا چلا جا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عزائم

یہ فرض ادا صبح و مساء کرتے رہیں گے
اللہ کی ہم حمد و ثنا کرتے رہیں گے

ہم جملہ فرائض کو ادا کرتے رہیں گے
اور ساقیٔ کوثرؐ سے وفا کرتے رہیں گے

قندیل نبوتؐ سے سدا روشنی لے کر
ہم دہر کی ظلمت میں ضیا کرتے رہیں گے

بدعات و خرافات سے اور شرک سے بچ کر
طعنہ یہ وہابی کا سنا کرتے رہیں گے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

پھولوں کی نہیں سیج ، یہ پُر خار ہے وادی
ہم چوٹ رہِ حق کی سہا کرتے رہیں گے

حق بات پہ ڈٹ جائیں گے ہم جھک نہ سکیں گے
اسلام پہ جاں اپنی فدا کرتے رہیں گے

مظلوم مسلمانوں کا ہم کرکے تعاون
اللہ سے نصرت کی دعا کرتے رہیں گے

صد شکر کہ ہم مسلک صادق کے ہیں حامل!
حق اس کی اشاعت کا ادا کرتے رہیں گے

محروم ہیں جو سنت و توحید سے ثاقبؔ
ہم اُن کی ہدایت کی دعا کرتے رہیں گے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بہنوں سے خطاب!

شرک و بدعت کے چراغوں کو بجھاؤ بہنو!
اور توحید کی تم شمع جلاؤ بہنو!

اپنے چہروں کو رکھو آبِ وضو سے روشن
روح کی پیاس نمازوں سے بجھاؤ بہنو!

صبر کے گھونٹ پیو ، زُہد کے پیکر بن کر
شکر کے جام پیو اور پلاؤ بہنو!

اچھی باتیں ہی رہیں وِردِ زباں ہر لمحہ
سرخی ہونٹوں پہ صداقت کی لگاؤ بہنو!

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

صرف اللہ کے در پر ہی جھکاؤ سر کو
غیر کے در پہ جبیں تم نہ جھکاؤ بہنو!

اپنے چہروں پہ مَلو شرم و حیا کا غازہ
کاجل آنکھوں میں شرافت کا لگاؤ بہنو!

بچے جو آپ کی آغوش میں مُسکاتے ہیں
ان کو زنیرہ و حسنینؓ بناؤ بہنو!

چال سنت کے مطابق ہو تمہاری سیدھی
پاؤں میں عزم کے ''پازیب'' چڑھاؤ بہنو!

غربت و فقر میں بھی دل کو غنی ہی رکھو
قلب میں نقشِ قناعت کو بٹھاؤ بہنو!

عقل پہ اپنی ، احادیث کو تولا نہ کرو
روغنِ حبِّ نبیؐ سر میں لگاؤ بہنو!

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہار تسبیح کے تم اپنے گلے میں ڈالو
اور لچھے کو جہالت کے نکالو بہنو!

اپنی اولاد کو غیروں کی رَوِش سے روکو
علمِ قرآن و حدیث ان کو پڑھاؤ بہنو!

بالیاں کان میں طاعت کی رہیں آویزاں
مہندی حسنات کی ہاتھوں میں لگاؤ بہنو!

حسنِ کردار سے قرآن کی تفسیر بنو
حسنِ اخلاق سے تم حسن بڑھاؤ بہنو!

ثاقبؔ العمری کی تم سے ہے گزارش اتنی
اپنی بہنوں کو یہ اشعار سناؤ بہنو!

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مبارک عیدِ قرباں!

مبارک عیدِ قرباں کا مہینہ پھر سے ہے آیا
خوشی اور شادمانی سے بھرا اب جام ہے لایا

پیمبرؐ کی وہ سنت بھول بیٹھے تھے جسے ہم سب
اسی سنت کو زندہ کرتا ہے دن عیدِ قرباں کا

جزائے خیر ہے ہر اک بُنِ موئے ذبیحہ پر
یہی وہ ماہ ہے جس نے دلِ مومن کو گرمایا

نہ کیوں اب شادماں ہو جائیں فقراء بھی یتامیٰ بھی
کہ ان پر سایہ افگن ہو رہی ہے رحمتِ مولا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نہ بھولے اپنے پالنہار کو جوشِ مسرت میں
مسلماں کیلئے سب سے فزوں تر مرضیٔ مولا

ہمیں یاد آئے ابراہیمؑ ، ثاقبؔ عیدِ قرباں سے
ہماری جانچ کی خاطر خدا نے دن یہ دکھلایا



www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نظم

جو لاعلاج ہوتا ہے ہر اک دوا کے بعد
اللہ فضل کرتا ہے اس پر دعا کے بعد

رب کی رضا ہی مل گئی جس خوش نصیب کو
افضل نہیں ہے کوئی عطا اس عطا کے بعد

راہِ خدا میں جان کا نذرانہ دیجئے
پیاری نہیں ہے کوئی وفا اس وفا کے بعد

گونجا ہے جب بھی نعرۂ تکبیر یوں لگا
دلکش نہیں ہے کوئی صدا اس صدا کے بعد

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اعمالِ صالحہ سے مزین ہو زندگی
بڑھ کر نہیں ہے کوئی ادا اس ادا کے بعد

مردانِ حُر کو زیب نہیں خوف غیر کا
کیا خوف پھر کسی کا بھی خوفِ خدا کے بعد

بیگانگی ہے اپنوں کی کتنی ستم ظریف
بڑھ کر نہیں ہے کوئی جفا اس جفا کے بعد

گہوارۂ سکوں ہے نبیؐ کا دیارِ پاک
اچھی لگی نہ کوئی فضا اس فضا کے بعد

آخر دعا قبول ہوئی بارگاہ میں
اس ثاقبؔ غریب کی آہِ رسا کے بعد

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مسلکِ اہلِ حدیثؒ

جادۂ صدق و صفا ہے ، مسلک اہلِ حدیث
مشربِ مہر و وفا ہے ، مسلکِ اہلِ حدیث

دعوتِ خیرالوریٰؐ ہے ، مسلکِ اہلِ حدیث
شاہراہِ مصطفیٰؐ ہے ، مسلکِ اہلِ حدیث

مشعلِ راہِ ہدیٰ ہے ، مسلکِ اہلِ حدیث
ظلمتِ شب میں ضیا ہے ، مسلکِ اہلِ حدیث

ہے نقائص سے مُبرّا ، پاک تاویلات سے
حق نگر ، حق آشنا ہے ، مسلکِ اہلِ حدیث

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اس میں کوئی شک نہیں یہ ہے صراطِ مستقیم
ٹیڑھی راہوں سے بچا ہے ، مسلکِ اہلِ حدیث

جوہرِ خیر القروں ہے ، پیکرِ اسلام ہے
ہاں سلَف کا راستہ ہے ، مسلکِ اہلِ حدیث

اتّباعِ سنتِ نبویؐ کی ہے اس میں ضیاء
نورِ توحیدِ خدا ہے ، مسلکِ اہلِ حدیث

ماحیٔ شرک و ضلالت ، قامعِ بدعات و زُور
ٹھوک کر دیکھو کھرا ہے ، مسلکِ اہلِ حدیث

مسلک حق سے ہے آخر بدگمانی کس لئے؟
کامرانی کا لِواء ہے ، مسلکِ اہلِ حدیث

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فرقہ بندی چھوڑ کر ہوں وحدتِ ملت میں ضَم
درس سب کو دے رہا ہے ، مسلکِ اہلِ حدیث

شکرِ رب کیوں کر ادا ہو ہم سے اے ثاقبؔ بھلا
فضل سے اس کے ملا ہے ، مسلکِ اہلِ حدیث

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نغمۂ توحید گانے کا زمانہ آ گیا

نغمۂ توحید گانے کا زمانہ آ گیا
مژدۂ سنت سنانے کا زمانہ آ گیا

خیر سے اپنوں کو سب اپنا بنا لیتے ہی ہیں
غیر کو اپنا بنانے کا زمانہ آ گیا

حق کی خاطر جاں لٹانے کا زمانہ آ گیا
دار پر بھی مسکرانے کا زمانہ آ گیا

زخم کھا کر مسکرانا بھی تو کچھ آساں نہیں
مسکرا کر زخم کھانے کا زمانہ آ گیا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فکرِ عقبیٰ ہی کرو دنیا گزر ہی جائے گی
قصر جنت میں بنانے کا زمانہ آگیا

تابکے باقی رہے گا یہ تضادِ قول و فعل
اپنی سیرت کو بنانے کا زمانہ آگیا

یک بیٹی نے فلسطیں کی دیا ہے یہ پیام
موت کو دل سے لگانے کا زمانہ آگیا

جاگنے والو اٹھو اٹھ کر ذرا آگے بڑھو
سونے والوں کو جگانے کا زمانہ آگیا

خوابِ غفلت میں بھلا کب تک رہو گے دوستو!
ہوش میں آنے کا ، لانے کا زمانہ آگیا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مقتضائے وقت ہے بس اتحاد و اتفاق
اب تو جھگڑوں کے مٹانے کا زمانہ آ گیا

اجتماعیّت سے ثاقبؔ ہو گی اپنی تربیت
سب کو اک مرکز پہ لانے کا زمانہ آ گیا



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ترانے

مردِ مومن مردِ قلندر
جس سے ڈریں دارا و سکندر
توڑ کے رکھ دے نفس کا اژدر
مثلِ علیؓ مانندِ ابوذرؓ



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مرکزِ اہل حدیث

دین کا تو ہے نقیب ، دین کا تو ہے رَبیب
جو بھی ہو تجھ سے قریب ، اس کو ہو رحمت نصیب
مرکز اہل حدیث، مرکز اہل حدیث

بغض جو تجھ سے رکھے ، ہے وہ بڑا بدنصیب
دین سے جو دور ہے ، کفر سے ہے وہ قریب
مرکز اہل حدیث، مرکز اہل حدیث

دین جو تجھ کو ملے ، غنچۂ ایماں کھلے
جہل ہو تجھ سے پرے ، علم کی دولت ملے
مرکز اہل حدیث، مرکز اہل حدیث

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہیں محمدؐ مصطفیٰ ، رب کعبہ کے حبیب
دور کہاں کبریا ، ہے وہ شہ رگ سے قریب
مرکز اہل حدیث، مرکز اہل حدیث

تو ہے معیار الحدیث ، شرح اسرار الحدیث
پھوٹتے ہیں ہر جگہ ، تجھ سے انوار الحدیث
مرکز اہل حدیث، مرکز اہل حدیث

علم کا تو ہے دیا ، جس میں ہے حق کی ضیاء
جو بھی ہو میری دعا ، ہو وہ مقبول خدا
مرکز اہل حدیث، مرکز اہل حدیث

تجھ پہ اگر ہو جفا ، تو نہ ہو اس سے خفا
ہے یہی ان کا صلہ ، حق پہ جو ہوں گے فدا
مرکز اہل حدیث، مرکز اہل حدیث

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کتنے ہی لائق ہوئے ، کتنے ہی فائق ہوئے
دین کے عاشق ہوئے ، علم کے شائق ہوئے
مرکز اہل حدیث، مرکز اہل حدیث

کئی دیئے روشن ہوئے ، رونقِ گلشن ہوئے
لالہ و سوسن ہوئے ، کامل ہر فن ہوئے
مرکز اہل حدیث، مرکز اہل حدیث

شرک ہے مثل سراب ، شرک ہے خانہ خراب
شرک ہے وجہِ عذاب ، کہتی ہے رب کی کتاب
مرکز اہل حدیث، مرکز اہل حدیث

کبر سے علماء ہوں دور ، فخر سے طلباء ہوں دور
بخل سے امراء ہوں دور ، فسق سے صلحاء ہوں دور
مرکز اہل حدیث، مرکز اہل حدیث

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اے خدا ہم ہیں فقیر ، تو ہے غنی اور قدیر
ہم کو بنا دہر میں ، دین و ملت کا سفیر
مرکز اہل حدیث، مرکز اہل حدیث

دے ہمیں حق کا شعور ، ہم ہوں بدعت سے نفور
دے مئے حق کا سرور ، دل میں ہو ایماں کا نور
مرکز اہل حدیث، مرکز اہل حدیث

تو بنے حق کا منار ، علم کا ہو آبشار
تجھ سے دیں ہو باوقار ، راز حق ہو آشکار
مرکز اہل حدیث، مرکز اہل حدیث

منتظمینِ کرام ، کرتے ہیں جو انتظام
ہیں وہ خدا کے غلام ، اور جہاں کے امام
مرکز اہل حدیث، مرکز اہل حدیث

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ثاقبؔ گمنام کا ، درد بھرا ہے کلام
اس کا یہ حسن عمل ، حشر میں آئے گا کام
مرکز اہل حدیث، مرکز اہل حدیث

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ترانۂ انشاءاللہ

حق کی صدا کو عام کریں گے
دینِ خدا کا کام کریں گے
رب کی لگن ہم دل میں بسا کر
صبح سے لے کر شام کریں گے

انشاء اللہ ، انشاء اللہ ، انشاء اللہ ، انشاء اللہ
انشاء اللہ ، انشاء اللہ ، انشاء اللہ ، انشاء اللہ

علم و عمل کے پیکر بن کر
حق کا روشن نام کریں گے
خُلقِ نبیؐ کو اپنا کر ہم
دشمنِ دیں کو رام کریں گے

انشاء اللہ ، انشاء اللہ ، انشاء اللہ ، انشاء اللہ
انشاء اللہ ، انشاء اللہ ، انشاء اللہ ، انشاء اللہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

صرف خدا کے دَر پہ جھکیں گے
غیر کے دَر پہ سر نہ رکھیں گے
ذکرِ خدا ہر آن کریں گے
حق پہ جئیں گے حق پہ مریں گے

انشاء اللہ ، انشاء اللہ ، انشاء اللہ ، انشاء اللہ
انشاء اللہ ، انشاء اللہ ، انشاء اللہ ، انشاء اللہ

کِبر سے اور نخوت سے بچیں گے
بُغض سے اور نفرت سے بچیں گے
شرک سے اور بدعت سے بچیں گے
حشر میں ہم ذلت سے بچیں گے

انشاء اللہ ، انشاء اللہ ، انشاء اللہ ، انشاء اللہ
انشاء اللہ ، انشاء اللہ ، انشاء اللہ ، انشاء اللہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جھوٹ سے اور غیبت سے بچیں گے
ہر بدتر خصلت سے بچیں گے
باطل کی نصرت سے بچیں گے
شیطاں کی طاعت سے بچیں گے

انشاء اللہ ، انشاء اللہ ، انشاء اللہ ، انشاء اللہ
انشاء اللہ ، انشاء اللہ ، انشاء اللہ ، انشاء اللہ

ہم جھوٹی شہرت سے بچیں گے
ناجائز دولت سے بچیں گے
ہر ذلت ، نکبت سے بچیں گے
فیشن کی لعنت سے بچیں گے

انشاء اللہ ، انشاء اللہ ، انشاء اللہ ، انشاء اللہ
انشاء اللہ ، انشاء اللہ ، انشاء اللہ ، انشاء اللہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

پاک میرا رب " سبحان اللہ "
حمدِ خدا " اَلحمدُ للہ "
" بسم اللہ " سے کام شروع ہو
نظرِ بد پر " ما شاء اللہ "

انشاء اللہ ، انشاء اللہ ، انشاء اللہ ، انشاء اللہ
انشاء اللہ ، انشاء اللہ ، انشاء اللہ ، انشاء اللہ

اوّل اللہ ، آخر اللہ
باطن اللہ ، ظاہر اللہ
ساری خلقت کی ہے تسبیح
اللہ اللہ ، ناصر اللہ

انشاء اللہ ، انشاء اللہ ، انشاء اللہ ، انشاء اللہ
انشاء اللہ ، انشاء اللہ ، انشاء اللہ ، انشاء اللہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

خیر پہ " ما شاء اللہ " کہیں گے
شر پہ " نعوذُ باللہ " کہیں گے
وعدے پر ہم صاف دِلی سے
فوراً " اِنشاء اللہ " کہیں گے

انشاء اللہ ، انشاء اللہ ، انشاء اللہ ، انشاء اللہ
انشاء اللہ ، انشاء اللہ ، انشاء اللہ ، انشاء اللہ

مردِ مومن مردِ قلندر
جس سے ڈریں دَارا و سکندر
توڑ کے رکھ دے نفس کا اَژدر
مثلِ علیؓ مانندِ ابوذرؓ

انشاء اللہ ، انشاء اللہ ، انشاء اللہ ، انشاء اللہ
انشاء اللہ ، انشاء اللہ ، انشاء اللہ ، انشاء اللہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہم نہ تو اِستکبار کریں گے
وَاللہ اِستغفار کریں گے
اَوراد و اَذکار کریں گے
رُوح کو ہم سرشار کریں گے

انشاء اللہ ، انشاء اللہ ، انشاء اللہ ، انشاء اللہ
انشاء اللہ ، انشاء اللہ ، انشاء اللہ ، انشاء اللہ

تفسیرِ آیات کریں گے
سائنسی ایجادات کریں گے
فکر کو لے کر ذِکر کے ہمراہ
سفرِ خلأ کی بات کریں گے

انشاء اللہ ، انشاء اللہ ، انشاء اللہ ، انشاء اللہ
انشاء اللہ ، انشاء اللہ ، انشاء اللہ ، انشاء اللہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

علم کی روشن شمع کریں گے
جہل کا قلعہ قمع کریں گے
اِفراط و تفریط سے بچ کر
دُنیا و دِیں کو جمع کریں گے

انشاء اللہ ، انشاء اللہ ، انشاء اللہ ، انشاء اللہ
انشاء اللہ ، انشاء اللہ ، انشاء اللہ ، انشاء اللہ

بخش دے یارب نورِ ایماں!
فہمِ حدیث و فہمِ قرآں
ثاقبؔ کو ہے اِس کا اِیقاں
لوٹ آئے گی شانِ مسلماں

WWW.NAFSEISLAM.COM

انشاء اللہ ، انشاء اللہ ، انشاء اللہ ، انشاء اللہ
انشاء اللہ ، انشاء اللہ ، انشاء اللہ ، انشاء اللہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حفظِ قرآں کا مقابلہ

لعل و گہر لؤلؤ مرجاں کی پہچاں کا مقابلہ
سینۂ ملت میں ہے نہاں جس کے ارماں کا مقابلہ
قرآنی دنیا میں ہے یہ عرفاں کا مقابلہ
رَحماں کے بندوں میں کلامِ رحماں کا مقابلہ

سالانہ برطانوی حفظِ قرآں کا مقابلہ
پیارے طلبہ میں ہے نورِ ایماں کا مقابلہ

عرش سے جو اُتری کتاب
ہے یہی سچی کتاب
حفظ سے مل جائے ہے
حافظوں کو راہِ صواب

سالانہ برطانوی حفظِ قرآں کا مقابلہ
پیارے طلبہ میں ہے نورِ ایماں کا مقابلہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جو بھی شخص اس کو پڑھے
رحمتوں کا دَر کھلے
غور سے اِس کو جو پڑھے
سرمدی راز بھی کھلے

سالانہ برطانوی حفظِ قرآں کا مقابلہ
پیارے طلبہ میں ہے نورِ ایماں کا مقابلہ

آخری ہے یہ کتاب
جو ہے کتابِ لاجواب
حل کئے اِس نے سدا
مسئلے بے حد و حساب

سالانہ برطانوی حفظِ قرآں کا مقابلہ
پیارے طلبہ میں ہے نورِ ایماں کا مقابلہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اللہ نے کہا ہے یہ
نور ہے اور ھدیٰ ہے یہ
ضابطۂ حیات ہے یہ
دُعا اور دَوا ہے یہ

سالانہ برطانوی حفظِ قرآں کا مقابلہ
پیارے طلبہ میں ہے نورِ ایماں کا مقابلہ

قرآں نے اسلاف کی تحریر بدل کر رکھ دی تھی
قرآں نے اسلاف کی تقریر بدل کر رکھ دی تھی
قرآں نے اسلاف کی تدبیر بدل کر رکھ دی تھی
قرآں نے اسلاف کی تقدیر بدل کر رکھ دی تھی

سالانہ برطانوی حفظِ قرآں کا مقابلہ
پیارے طلبہ میں ہے نورِ ایماں کا مقابلہ

14090

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قوم کے یہ نونہال
ہیں بہت ہی خوش خصال
شوق سے کرتے ہیں حفظ
رب کا کلامِ لازوال

سالانہ برطانوی حفظِ قرآں کا مقابلہ
پیارے طلبہ میں ہے نورِ ایماں کا مقابلہ

بچو تم قرآن پڑھو اور بزرگو قرآن پڑھو
بہنو تم قرآن پڑھو اور بھائیو قرآن پڑھو
'بیت القرآں' کی ہے یہ تم سب سے گزارش صبح ومسا
قرآن پڑھو اور عمل کرو پھیلاؤ جہاں میں نور وضیاء

سالانہ برطانوی حفظِ قرآں کا مقابلہ
پیارے طلبہ میں ہے نورِ ایماں کا مقابلہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مولانا شعیب احمد آرگنائزر ہیں مسابقہ کے
مولانا شعیب احمد ڈائریکٹر ہیں مسابقہ کے
مولانا عبدالہادی ایڈوائزر ہیں مسابقہ کے
مولانا حفیظ اللہ اسکالر ہیں مسابقہ کے

سالانہ برطانوی حفظِ قرآں کا مقابلہ
پیارے طلبہ میں ہے نورِ ایماں کا مقابلہ

اَساتذہ اور منصفین ، قائدین اور منتظمین
صدرِ جلسہ ، ضیوفِ کرام ، طلباء اور معاونین
اللہ دے تو سب کو جزا دنیا میں اور عقبیٰ میں
برکت عطا فرما الٰہی عمر میں علم میں تقویٰ میں

سالانہ برطانوی حفظِ قرآں کا مقابلہ
پیارے طلبہ میں ہے نورِ ایماں کا مقابلہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ثاقبؔ کی بس یہ ہے دعا
ہو یہ کتابِ رہنما
سینوں میں بھر دے اے خدا!
قرآن و حدیث کی ضیا

سالانہ برطانوی حفظِ قرآں کا مقابلہ
پیارے طلبہ میں ہے نورِ ایماں کا مقابلہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الھجرہ اسکول
برمنگھم

برمنگھم میں علم کا گلشن ، الھجرہ اسکول
فکری تربیت کا معدن ، الھجرہ اسکول

تزئین فطرت کا پیکر ، الھجرہ اسکول
دستِ قدرت کا ہے مظہر ، الھجرہ اسکول

ایمان و ایقاں میں محکم ، الھجرہ اسکول
جہدِ مسلسل ، عملِ پیہم ، الھجرہ اسکول

شرقی ، غربی ، عربی ، عجمی ، الھجرہ اسکول
جس میں نہیں کچھ فرق نسلی ، الھجرہ اسکول

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دین کا اور دنیا کا سنگم ، الھجرہ اسکول
مولوی اور مسٹر ہیں باہم ، الھجرہ اسکول

ٹیچر نظم و ضبط میں کامل ، الھجرہ اسکول
طلباء ہر قانون پہ عامل ، الھجرہ اسکول

اسکولوں میں بالا و برتر ، الھجرہ اسکول
ظلمتِ شب میں جیسے ہے اختر ، الھجرہ اسکول

بام و در ہیں خوب منور ، الھجرہ اسکول
مستقبل ہے روشن و انور ، الھجرہ اسکول

چادرِ زہراء عفتِ مریم ، الھجرہ اسکول
پیاری تصویروں کا البم ، الھجرہ اسکول

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بانی اس کے برادر ثاقبؔ ، الھجرہ اسکول
چرخ پہ جیسے نجم الثاقب ، الھجرہ اسکول

سب کی توجہ کا ہے طالب ، الھجرہ اسکول
مسلم کلچر تاکہ ہو غالب ، الھجرہ اسکول

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نظم

بیاں توحید اور سنت سے جو منقول ہوتا ہے
وہی ہر اک مسلماں کے لئے مقبول ہوتا ہے

یہ دنیا کے مناصب کیا ہیں اور ان کی حقیقت کیا
کوئی مامور ہوتا ہے کوئی معزول ہوتا ہے

ہر اک انسان اپنی زندگی میں جو بھی کرتا ہے
فرشتوں کے دفاتر میں وہ سب منقول ہوتا ہے

مسلمانوں کے ذمے تھی امامت سارے عالم کی
کوئی نااہل ہوتا ہے تو پھر معزول ہوتا ہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

برائی گرچہ گھر میں اہل خانہ کیوں نہ کرتے ہوں
بزرگِ خانداں ہر حال میں مسئول ہوتا ہے

اُسے اعزاز ملتا ہے خدا کے ہاں شہادت کا
مجاہد جو بھی حق کی راہ میں مقتول ہوتا ہے

گنہ کے بعد جو بھی صدقِ دل سے توبہ کرتا ہے
گنہ ایسا نہ ہونے ہی پہ ، بس محمول ہوتا ہے

قریبِ مرگ ہوتا ہے کوئی انساں مگر پھر بھی
فضولیات میں دنیا کی وہ مشغول ہوتا ہے

حقیقت آدمی پر زندگی کی کھل ہی جاتی ہے
اسے پیغام جب کہ موت کا موصول ہوتا ہے

جو عالم ڈر سے لوگوں کے نہیں کہتا ہے حق ثاقبؔ
حقیقت میں وہ عالم جاہل و مجہول ہوتا ہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

گلدستہائے تہنیت

بحمداللہ اب طے ہو چکی تجرید کی منزل
رفیقِ زندگانی سے ، بہارِ زندگانی ہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

گلدستۂ تہنیت

بتقریب شادی خانہ آبادی برادر عزیز القدر فضیلۃ الشیخ محمد عبدالہادی العمری المدنی بارَکَ اللّٰہُ لَھُمَا وَ جَمَعَ بَیْنَھُمَا بِالْخَیْرِ مبعوث امام محمد بن سعود اسلامیہ یونیورسٹی ریاض، برائے مرکزی جمعیت اہل حدیث برطانیہ، بتاریخ ۲۴/شعبان ۱۴۰۳ھ مطابق ۷/جون ۱۹۸۳ء

*****

یہ جشنِ عقدِ مسنوں بھی شریعت کی نشانی ہے
بہ ظلّ ضوءِ قرآنی حدیثوں کی زبانی ہے

حسیں فطرت کی ایک رنگیں حقیقت شادمانی ہے
سہانی کس قدر اب یہ فضائے گلستانی ہے

بحمداللہ اب طے ہو چکی تجرید کی منزل
رفیقِ زندگانی سے ، بہارِ زندگانی ہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

خدا کے فضل سے مولانا ہادیؔ بن گئے نوشاہ
نہ پوچھو والدہ کو کس قدر اب شادمانی ہے

یہ شرق و غرب کے داعی فرنگ و ہند کے ہادی
اب ان ہی سے فضائے ارض برمنگھم سہانی ہے

دلہن ہے حافظۂ قرآں ، تو دلہا شارح قرآں
اِدھر ہے حسن لفظوں میں اُدھر حسنِ معانی ہے

پدر افضلؔ ، چچا سرورؔ ، خسر سیفؔ و تقیؔ الدین
مبارکباد کی پیاری دعا ان کی زبانی ہے

قطرؔ سے بے خطر اب شیخ ندویؔ بھائی آ پہنچے
بہ تکمیل تمنا ان کا چہرہ ارغوانی ہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

'عمرآباد' سے 'عبداللہ بھائی' بھی چلے آئے
خوشی سے قلب ہے مسرور رُخ بھی خسروانی ہے

اعزاء اقرباء احباب سب مسرور و شاداں ہیں
یہ سب فضلِ الٰہی ہے خدا کی مہربانی ہے

'سعیدہ' 'عائشہ' اور 'قیصر' و 'اسماء' کا کیا کہنا
بڑے خوش دل ہیں دیور اور خوشتر دیورانی ہے

'سلیمہ' اور 'رشیدہ' 'واجدہ' اور 'ماجدہ' خوش ہیں
کہ بھابھی کے قدم سے گھر میں اب رحمت فشانی ہے

مبارک موقعۂ زریں پہ ثاقبؔ کا ہے یہ عالم
کہ دل فرحت سے ہے فرحاں زباں پر شعر خوانی ہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

گلہائے تہنیت

دختر جناب محمد عبداللطیف عرف شریف جانی صاحب مالک 'سوپر لارز'
رامتاپور بتاریخ: ۱۵ر جمادی الاولیٰ ۱۴۱۰ھ ۱۵ر دسمبر ۱۹۸۹ء بروز جمعہ
بمقام: مسجد باب السلام، مغل پورہ حیدرآباد، دکن انڈیا

***

مبارک ہو مبارک ہو ، مبارک دن یہ آیا ہے
گلے ملنے کو سب اٹھو ، مبارک دن یہ آیا ہے
مبارک ہو، مبارک ہو، مبارک دن یہ آیا ہے

مسرت کا وہ دن آیا ، تھے جس کے منتظر سارے
وفورِ شادمانی کے ہیں ہر اک سمت نظارے
خدا کی حمد فرماؤ، مبارک دن یہ آیا ہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مبارک ہو تمہیں 'عبدالسلام' دن یہ مسرت کا
مسرت کا ، بہاروں کا ، خوشی کا اور محبت کا
خدا کا شکر فرماؤ، مبارک دن یہ آیا ہے

تمہارے امی ابا دیکھتے ہیں تم کو اُلفت سے
نہیں پھولے سماتے ہیں خسر صاحب مسرت سے
ستارو مسکرا اٹھو، مبارک دن یہ آیا ہے

بنے 'عبدالسلام' دلھا ، تمہیں دلھن مبارک ہو
محبت کا مودّت کا تمہیں گلشن مبارک ہو
فضاؤں کو بھی مہکاؤ، مبارک دن یہ آیا ہے

عروسہ 'اسریٰ اسماء' اب تمہیں دلھا مبارک ہو
تمہاری زندگی کے واسطے نوشا مبارک ہو
یہ مژدہ سب کو پہنچاؤ، مبارک دن یہ آیا ہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عبدالستار ہیں فرحاں تو ہیں عبداللطیف شاداں
پدر کے اور خسر کے ہو گئے اب دیکھ لو ارماں
'مبارکباد' ان کو دو، مبارک دن یہ آیا ہے

ہیں 'حاجی سید ابراہیم علی صاحب' بہت خوشتر
کہ ان کی پہلی دختر کی ہیں یہ بھی پہلی ہی دختر
دعائیں لے نانا کی، مبارک دن یہ آیا ہے

'یوسف' تایا پھوپھا 'احمد' چچا 'عبدالوحید صاحب'
'مسعود' و 'مصلح' و 'عبدالصمد'، عبدالحمید صاحب'
دلہے کے دلہے بھائیوں کو، مبارک دن یہ آیا ہے

بہن ہیں 'عطیہ اسماء' 'عرشیہ' اور 'قدسیہ اسماء'
وداع کرتے ہوئے باجی کو آنکھوں میں ہے اُنکی ماء[1]
یہ پیاری پیاری بہنوں کو، مبارک دن یہ آیا ہے

[1] پانی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہیں 'اسحاق' اور 'اسمٰعیل' صاحب دونوں پیارے عم
نہ ہونے سے یہاں اسحاق صاحب کے ہے سبکو غم
مبارک ماموؤں کو اب، مبارک دن یہ آیا ہے

بھائی ہیں 'عبدالبصیر' 'عبدالجبار' 'عبداللطیف'
ایک ہیں 'عبدالعزیز' سب کے محاسن لطیف
پیارے پیارے بھائیوں کو، مبارک دن یہ آیا ہے

خدا الفت محبت سے رکھے دلھا و دلہن کو
سدا تھامے رہیں قرآن و سنت ہی کے دامن کو
دعا کو ہاتھ پھیلاؤ، مبارک دن یہ آیا ہے

ہزاروں ایسے رشتوں کا سبب ہو رشتۂ اُلفت
دعا ثاقبؔ کی ہے اور اقرباء کی دے خدا برکت
صدا آمیں کی لہراؤ، مبارک دن یہ آیا ہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قصیدے

فیض پا کر جن سے لاکھوں ہو گئے قدسی نفوس
حضرتِ حمّاد عمری وہ مجسّم اضطراب

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

میرے پیرومرشد حضرت العلام

ابوالبیان حمّاد صاحب عمری

دامت برکاتھم العالیہ

اک قلندر کی طرح ہے زندگی روشن کتاب
درحقیقت جس نے پائی ہے سعادت بے حساب

فیض پا کر جن سے لاکھوں ہو گئے قدسی نفوس
حضرتِ حمّاد عمری وہ مجسّم اضطراب

میری دینی تربیت بھی فیض سے جن کی ہوئی
ہیں مرے اُستاذِ عالی 'ابوالبیاں' عالیجناب!

شاعری میں وہ مرے مرشد ہیں میں ان کا مرید
میرے مرشد کو جزائے خیر دے ربّ وہاب

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الشیخ سالم مبارک الجوھی المحترم

قصیدہ در شان فضیلۃ الشیخ سالم مبارک الجوھی المحترم حفظہ اللہ الخبر سعودی عرب

** ** **

شیخ سالم مبارک الجوھی
ہیں وہ مثل گلاب در خوبی

راست گو ، حق پرست اور بیباک
ان کو آتی نہیں ہے روباہی

احترام ان کا ہم پہ لازم ہے
قدر دانی بھی ان کی ہے نیکی

پیکر صدق و حلم و خوش خلقی
نُطق ہے گویا ان کی خاموشی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

'الخُبر' میں جو گذرے بارہ سال
مہربانی انہیں کی سب کچھ تھی

'شیخ' خود مجھ کو شیخ کہتے تھے
دل کشادہ تھا ظرف بھی عالی

دے 'محمد' [1] 'صلاح' [2] 'مُبارک' [3] کو
میرے مولا تو اپنی خوشنودی

خوش رہیں 'مُونہ' [4] 'خُلدہ' [5] اور 'غادہ' [6]
مثل لولوٗ 'عبیر' [7] و 'ہیفا' [8] بھی

'عم سالم' کو دے جزائے خیر
دنیا و آخرت میں اے باقی!

---

[1] [2] [3]: شیخ صاحب کے صاحبزادے۔
[4] [5] [6] [7] [8]: شیخ صاحب کی صاحبزادیاں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

'امّاں جی[9]' کو دعا ہے ثاقبؔ کی
کر سعادت عطا انہیں ربی!

9: شیخ صاحب کی اہلیہ محترمہ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

امام مسجد نبوی ڈاکٹر الشیخ عبدالمحسن بن محمد القاسم المحترم

كلمة الترحيب المنظومة

فی شأن الضیف المحترم صاحب الفضیلة الشیخ الدکتور عبدالمُحسن بن محمّد القاسم / حفظه اللّٰه تعالی و رعاه امام وخطیب المسجد النبوی الشریف بالمدینة المنورة المملکة العربیة السُّعودیة

حبّذا دکتور [1] عبدالمحسن القاسم خوشا
ہیں امام مسجد نبوی کے با فضل خدا

آپ "برمنگھم" جو آئے ، ہو گئے ہم شادماں
بارک اللہ حبذا اھلا وسھلا مرحبا

آپ ہیں پر سوز قاری اے امامِ محترم!
ہر مسلماں آپ سے رہتا ہے خوش صبح و مَسا

[1] ڈاکٹر۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

انعقاد مؤتمر[1] ہو ، یا ہوں ملت کے اُمور
آپ نے سب کے لئے دروازہ اپنا وَا کیا

آپ کی حق گوئی سے آگاہ ہیں عرب و عجم
بات جو سچی ہو وہ کہتے ہیں بے چون و چرا

جس مسلماں کا یقیں محکم ، عمل پیہم رہے
نصرتِ غیبی نہ کیوں اس کی کرے ہر دم خدا

ہیں خطیب ایسے کہ جن کے سوز دل سے بالیقیں
زندگی کے فلسفہ کا عقدہ فوراً ہی کھلا

آپ ہیں ایسے مدبّر اور بصیرت کے امیں
حکمت و دانش ، ذکاوت کا نیا اک دَر کھلا

[1] کانفرنس۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

والد ماجد تھے ان کے عبقری ، بحر العلوم
جنت الفردوس میں دے قصر لآلی و النجوم

ہیں برادر آپ کے الشیخ اسمٰعیل[1] جو
نیک طینت ، نیک سیرت ، محسنِ ملت ہیں وہ

اپنے فکر انگیز خطبے دے کے اوروبا[2] میں آپ
طالبانِ علم میں گوہر لُٹائے بے بہا

دَورہ فرماتے ہیں اکثر شرق میں اور غرب میں
غلغلہ اسلام کا تاکہ رہے ہر جا بپا

اُن کے سارے بھائی ، سارے اہل خانہ ، اقرباء
واسطے آباء کے بے شک ہیں یہ صدقہء جاریہ

[1] الشیخ اسمٰعیل القاسم بن محمد حفظہ اللہ۔ [2] یورپ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دین کی خدمات جو کرتے ہیں وہ اخلاص سے
اے خدا ! دَارین میں تو ان کو دے اَحسن جزا

ہے دعا ثاقبؔ کی ، ''الشیخ علامہ القاسمؔ'' کے لئے
شاد رکھ ، آباد رکھ ، ان کو تو اے ربِّ عُلا!

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

امامِ اہلِ سنّت
الشیخ محمد بن عبدالوہاب رحمہ اللہ

علم کے تھے آسماں ، محمد بن عبدالوبؒ
اور عمل میں عالی شاں ، محمد بن عبدالوبؒ

حق کے تھے وہ ترجماں ، محمد بن عبدالوبؒ
دین کے بھی پاسباں ، محمد بن عبدالوبؒ

اک مجدد منفرد ، محمد بن عبدالوبؒ
اک فقیہ اور مجتہد ، محمد بن عبدالوبؒ

متبع سنت مُوحد ، محمد بن عبدالوبؒ
خیر کے ہر دم مؤید ، محمد بن عبدالوبؒ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

علم کے تھے بحرِ زاخر ، محمد بن عبدالوبؒ
دین و ملت کے وہ ناصر ، محمد بن عبدالوبؒ

ماحیٔ شرک اور بدعت ، محمد بن عبدالوبؒ
مُحیٔ توحید و سنت ، محمد بن عبدالوبؒ

تھے امین دین و ملت ، محمد بن عبدالوبؒ
اور امامِ اہلِ سنت ، محمد بن عبدالوبؒ

عبقری انسان تھے ، محمد بن عبدالوبؒ
سچے مسلمان تھے ، محمد بن عبدالوبؒ

www.KitaboSunnat.com

تھے عرب کے راہبر ، محمد بن عبدالوبؒ
اور عجم کے بھی خضر ، محمد بن عبدالوبؒ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دین کی تفسیر تھے ، محمد بن عبدالوبؒ
حق کی اک شمشیر تھے ، محمد بن عبدالوبؒ

مشرکوں کے تھے عدو ، محمد بن عبدالوبؒ
دینِ حق کی آبرو ، محمد بن عبدالوبؒ

وَہم سارے ڈھا دئے ، محمد بن عبدالوبؒ
روشنی پھیلا گئے ، محمد بن عبدالوبؒ

ہیں جو وہ شیخوں کے شیخ ، محمد بن عبدالوبؒ
سیّدوں کے بھی ہیں شیخ ، محمد بن عبدالوبؒ

پختہ قبریں ڈھا دئے ، محمد بن عبدالوبؒ
آستانے ڈھا دئے ، محمد بن عبدالوبؒ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

گدّیاں کر دیں اُجاڑ ، محمد بن عبدالوبؒ
کر چکے شر کو پچھاڑ ، محمد بن عبدالوبؒ

تھے امام العارفیں ، محمد بن عبدالوبؒ
تھے امام المتقیں ، محمد بن عبدالوبؒ

حاملِ جذباتِ کیف ، محمد بن عبدالوبؒ
اور مجاہدِ قلم و سیف ، محمد بن عبدالوبؒ

'السّعود' کے خیر خواہ ، محمد بن عبدالوبؒ
دعوت حق کے گواہ ، محمد بن عبدالوبؒ

اپنوں نے طعنے دئے ، محمد بن عبدالوبؒ
غیروں نے تشنے دئے ، محمد بن عبدالوبؒ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جن کو وہابی کہا ، محمد بن عبدالوبؒ
اور گُلابی کہا ، محمد بن عبدالوبؒ

طعنہ یہ اچھا لگا ، محمد بن عبدالوبؒ
کیونکہ وہابی وہ تھا ، محمد بن عبدالوبؒ

جن کو کہا نہ بدعتی ، محمد بن عبدالوبؒ
قبر پرست نہ غبی ، محمد بن عبدالوبؒ

'وہاب' نام اللہ کا ، محمد بن عبدالوبؒ
'وہاب' کام اللہ کا ، محمد بن عبدالوبؒ

'مؤتمرا' ذیشان ہے ، محمد بن عبدالوبؒ
اس کا یہ عنوان ہے ' محمد بن عبدالوبؒ

[1] کانفرنس۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہم اُسی منہج پہ ہیں ، محمد بن عبدالوبؒ
ہم اُسی سج دھج پہ ہیں ، محمد بن عبدالوبؒ

یا خدا! ہم کو بتا ہر گھڑی راہِ ھُدیٰ
اور اُسی پر تُو چلا ، دشمنوں کو بھی سدا

'شیخ' نے پھیلائی ہے توحید و سنت کی ضیاء
'شیخ' کی تربت پہ تو نور کا دریا بہا

منتظمین و حاضرین ، ثاقبؔ گمنام کو
شاد رکھ ان کو خدا روزِ جزا دے جزا

'آلِ سعود' کو حشر تک حرمین کا رکھ پاسباں
'آل الشیخ' کو حشر تک اسلام کا رکھ ترجماں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حاتمِ ہالینڈ

ہالینڈ کی معروف دینی وسماجی اور کاروباری شخصیت حاجی عبدالحکیم جنجوعہ صاحب

ہالینڈ کے ہیں محترم ، جنجوعہ عبدالحکیم
تھامے ہیں جو حق کا علَم ، جنجوعہ عبدالحکیم

ہیں حاملِ ہر علم و فن ، جنجوعہ عبدالحکیم
اخلاص سے معمور مَن ، جنجوعہ عبدالحکیم

ہیں غمگسارِ قوم بھی ، جنجوعہ عبدالحکیم
اور دلفگارِ قوم بھی ، جنجوعہ عبدالحکیم

ہے درد ، دل میں موجزن ، جنجوعہ عبدالحکیم
پاکیزہ ہے جن کی لگن ، جنجوعہ عبدالحکیم

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مسجد کے جو معمار ہیں ، جنجوعہ عبدالحکیم
ملت کے جو سالار ہیں ، جنجوعہ عبدالحکیم

کوٹلی[1] بھی جن سے فیضیاب ، جنجوعہ عبدالحکیم
ڈڈلی[2] بھی جن سے باریاب ، جنجوعہ عبدالحکیم

رحمٰن کی رحمت رہے ، جنجوعہ عبدالحکیم
اللہ کی برکت رہے ، جنجوعہ عبدالحکیم

اللہ جزائے خیر دے ، جنجوعہ عبدالحکیم
اللہ عطائے خیر دے ، جنجوعہ عبدالحکیم

ثاقبؔ کی ہے رب سے دعا ، جنجوعہ عبدالحکیم
دارین میں پائیں صِلہ ، جنجوعہ عبدالحکیم

---

[1] آزاد کشمیر کے ایک شہر کا نام ہے۔ [2] برطانیہ کے ایک شہر کا نام ہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہجو

انسان جنّ و ارض و سماء کی ہے یہ صدا
اٹھو! کہ کھینچ ڈالو رُشدی کی کھال کو!

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

خطاب بہ ناصر!

جمال عبدالناصر سابق صدر جمہوریۂ مصر کی ہجو میں، جس نے اپنے دور اقتدار میں اسلامی انقلابی جماعت 'اخوان المسلمون' کے بانی اور اس جماعت کے جید علمائے کرام کو قتل کرا دیا

فرعون وہ عہدِ حاضر کا ، جس نے کہ ستم ایجاد لیا
علماء کو چڑھا کر سولی پر ، اپنا ہی تو گھر برباد کیا

فرعونِ زمانہ سن لینا! مسلم کے مقابل جو آیا
دنیا میں بھی وہ ناکام رہا اور چین نہ عقبیٰ میں پایا

بنّا و قطب کو قتل کیا! ان کو تو شہادت مل ہی گئی
اور تیرے مقدر میں لیکن ہر طرح کی ناکامی ہی رہی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

موسیٰ کے مقابل جب بھی کوئی فرعون جھگڑنے آیا ہے
کھائی ہے شکستِ فاش اس نے ،خمیازہ بھی اپنا پایا ہے

تو ظلم وستم کا پیکر ہے ، فرعون جو بن کر اُبھرا ہے
شیطان کے بھائی بندوں نے نرغے میں تجھے اب گھیرا ہے

للہ سنبھل جا اے ناصر! کب تک تو رہے گا یوں جابر
انجام بُرا ہے جابر کا ، اللہ ہے ہر شئی پر قادر

(۱) الشیخ حسن البنا شہید، بانی ''الاخوان المسلمون'' جمہوریۂ مصر
(۲) الشیخ السید محمد قطب الشہیدؒ، مرشد عام ''الاخوان المسلمون''
(۳) اسرائیل مراد ہے جو مصر پر حملہ کر کے اس کا ناطقہ بند کئے ہوئے ہے۔ فیا للأسف!

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مردودِ زمانہ رشدی

گستاخ خدا و گستاخ رسول ﷺ مصنف 'شیطانی کلمات' مردودِ زمانہ
سلمان رشدی لعنۃ اللہ علیہ کی مذمت میں

پہچان لو اسلام کے تم خد و خال کو
تا آنکہ جان لو تم شیطاں کی چال کو
انسان جنّ و ارض و سماء کی ہے یہ صدا
اٹھو! کہ کھینچ ڈالو رُشدی کی کھال کو!

دیکھ لو رشدی کی گہری چال کو
ڈر نہیں مولا کا بد اعمال کو
آرہی ہے ہر طرف سے یہ صدا
دو سزا اس دور کے دجال کو!

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بخش دے میرے ابّا کو اللہ میاں!
بخش دے میرے تایا کو اللہ میاں!

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مرثیہ پیاری امّاں مرحومہ ومغفورہ!

ہے کون جو ہو زندگی و موت پہ قادر
صد سال بھی جی جائیں تو مرنا ہے بالآخر

انسان نے چاہا کہ ہو وہ روح پہ قادر
تکمیلِ تمنّا سے ابھی تک ہے وہ قاصر

اللہ کے احکام سے انکار ہو کیسے
مامور ہیں ہم اس کے ہمارا ہے وہ آمر

حق بات یہی ہے کہ یہ دنیا ہے سرائے
کچھ دیر یہاں رک کے گزرتا ہے مسافر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہر آدمی فرمان نبیؐ غور سے سن لے
دنیا ہے رہِ خلد، بشر اس کا مسافر

دنیا کی حقیقت نہیں مو من کے لئے کچھ
وہ کون ہے جو عالمِ فانی پہ ہوشاکر

دنیا میں کوئی بچ نہ سکا دستِ قضا سے
چاچی ہو کہ تائی ہو کہ دختر ہو کہ مادر

کیوں بھولا ہے انسان یہ فرمان خدا کا
ہر نفس کو چکھنا ہے مزا موت کا آخر

امّاں ہے ہمیں آپ کے مرنے کا بہت غم
کیوں رنج نہ ہو آپ جو تھیں ماں میری آخر

میں آپ کی خدمت کا ادا کر نہ سکا حق
بیٹے کی دعا ہے تمہیں جنت ملے فاخر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

آہ حضرت بن بازؒ !

سماحۃ الشیخ علامہ عبدالعزیز بن عبداللہ بن بازؒ
مفتی اعظم سعودی عرب کے سانحہ ارتحال پر

جب قضا و قدر کے محکم اشارے ہوگئے
'حضرتِ بن باز' بھی اللہ کو پیارے ہو گئے

'ابنِ عبداللہ' تھے ، علامہ شیخ عبدالعزیز
مفتی اعظم تھے ، مشفق ، مہرباں ، ہر دلعزیز

تھے بصارت سے اگرچہ 'شیخ صاحب' بے بصیر
پر بصیرت پر تھے قادر وہ بفیضانِ قدیر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

آنکھ والوں سے زیادہ کام دِیں کا کر گئے
رہتی دنیا تک بالآخر نام اپنا کر گئے

'شیخ صاحب' کا تھا علمی فیض جاری شش جہات
استفادہ اُن سے کرتے رہتے تھے سب جامعات

بے بہا دیتے رہے وہ اپنی جیبِ خاص سے
اور سدا دیتے رہے وہ اپنی جیبِ خاص سے

مستحق طلباء کی کرتے تھے کفالت وہ سدا
اور علماء کی بھی کرتے تھے وکالت وہ سدا

تھے محدث اور مفسر ، مجتہد ، شیخ الحدیث
اور فقیہِ عصرِ حاضر ، مجتہد ، شیخ الحدیث

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عابد و زاہد ، موحّد ، داعیٔ سنت تھے وہ
اک ولی اللہ تھے ، اَسلاف کی عظمت تھے وہ

'اِتَّقُوا اللّٰہَ'[1] سے وہ کرتے بادشاہوں کو خطاب
ڈر نہ تھا چھن جائے منصب اور نہ کچھ خوف عتاب

نیکیاں ان کی رَقم کرنے کو دِیواں چاہئے
خوبیاں ان کی بیاں کرنے کو 'سَحباں' چاہئے

سب مسالک کے نمائندے تھے ان کے پاس جمع
جب ہوئے بیتاب پروانے تو بس بجھ گئی شمع

کر معاف ان کی خطائیں، بخش دے ربِ غفور
اعلیٰ عِلّیین میں پہنچا انہیں ربّ شکور

[1] اللہ سے ڈرو!

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہم کو ان کے وصف اپنانے کی تو، توفیق دے
پھر ہر اک انساں کو پہنچانے کی تو، توفیق دے

پھول اِس اُجڑے گلستاں میں کوئی پھر کھل تو جائے
پھر کوئی نعم البدل ہم کو الٰہی مل تو جائے



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

میری تائی ماں صاحبہ مرحومہ ومغفورہ

(والدۂ محترمہ مولانا محمد عبدالہادی العمری المدنی
امیر مرکزی جمعیت اہل حدیث برطانیہ)

***

چھوڑ کر تنہا ہمیں اے تائی ماں!
ایک دم تم چل بسیں اگلے جہاں
ہو گئی تبدیل اب غم سے خوشی
میرے دل پر چھا گئی ہے خامشی
آپ جاتے ہی گئی جو روشنی
صحن دل پر چھا گئی مردہ دلی
تائی ماں کو بخش اے اللہ میاں!
تو بنا فردوس کو ان کا مکاں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تأثراتِ غم

بروفاتِ حسرت آیات ابا جان مرحوم وتایا صاحب مغفور علیہما الرحمۃ

میرے ابا بھی دنیا سے رخصت ہوئے
میرے تایا بھی دنیا سے رخصت ہوئے

ان کے جانے سے اب ظلمتیں بڑھ گئیں
دفعۃً میری خوشیاں بھی سب گڑھ گئیں

بانٹ کر سب کو زندہ دلی چل بسے
چھانٹ کر سب کی مردہ دلی چل بسے

جب بھی کرتے تھے تلگو زباں میں بیاں
رشک کرتے تھے خود ہندو اہل زباں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تھے وہ اردو زباں کے بھی شیریں بیاں
صرف توحید و سنت تھا وردِ زباں

چلتے پھرتے ہی دنیا سے رخصت ہوئے
اور رخصت بھی وہ سوئے جنت ہوئے

مسجد و مدرسہ کے بھی تھے منتظم
اور حلقے کے بھی وہ رہے مہتمم

کس قدر وہ بھی دلدادہ سنت کے تھے
کس قدر وہ عدو شرک و بدعت کے تھے

www.KitaboSunnat.com

شرک و بدعات کی جو تھی تائید گاہ
رب کی توفیق سے اب ہے توحید گاہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سجدہ کرنے کو پہلے تو کوئی نہ تھا
ساجدیں سے ہے بھرپور اب وہ جگہ

بھائیوں میں کچھ ایسی محبت رہی
'سرورافضل' کی ضرب المثل بن گئی

ایسی الفت کسی میں نہ دیکھی گئی
ایسی چاہت کسی میں نہ دیکھی گئی

دل میں کچھ فرق دونوں کے آیا نہیں
جیسے بھائی تھے وہ ، اُن کے جیسا نہیں

ایسے ابّا نہیں ایسے تایا نہیں
کیا کریں سر پہ اب ان کا سایا نہیں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مثل ہارون و موسیٰ تھے تبلیغ میں
دونوں ارفع و اعلیٰ تھے تبلیغ میں

مشرکانہ گھرانے میں پیدا ہوئے
تعزیہ دار خانے میں پیدا ہوئے

دونوں بھائی ہوئے آشنا حق سے جب
شرک و بدعت مٹانے لگے خود ہی تب

زندگی بھر امامت بھی بے لوث تھی
زندگی بھر خطابت بھی بے لوث تھی

دی تھی دینے کی عادت جو اللہ نے
دی نہ لینے کی خصلت تو اللہ نے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تنخواہ دیتے رہے سب کو ، لیتے نہ تھے
پیاسے رہ کر وہ سب کو پلاتے رہے

ایک مسجد تھی پھر دو مساجد بنیں
ایک منزل پہ دو منزلیں چڑھ گئیں

ایک مکتب جو تھا مدرسہ بن گیا
اور پھر دوسرا مدرسہ بھی بنا

شہر کی سمت گاؤں سے ہجرت ہوئی
مسلکِ شر سے اس طرح نفرت ہوئی

بخش دے میرے ابّا کو اللہ میاں!
بخش دے میرے تایا کو اللہ میاں!

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اُن کو اللہ! فردوس میں دے مکاں
وہ سدا انبیاء کے رہیں درمیاں

ان کو مل جائے خُلدِ بریں کا چمن
ان پہ رحمت خدا کی ہو سایہ فگن

ان کی اولاد ہو صدقۂ جاریہ
اور جاری رہے حشر تک سلسلہ

نیک توفیق یارب! دے اَخلاف کو
جیسے تو نے عطا کی تھی اَسلاف کو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

غزلیں

رسواہ ہونے میں نہیں لگتی ہے دیر
نام کرنے اک زمانہ چاہئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

غزل

بعد مدت اس طرح ہم ان کو سمجھانے گئے
جیسے بچے کو کھلونے دے کے بہلانے گئے

اپنے ہی گھر یوں گئے جیسے کہ بیگانے گئے
جان کر ہر شی کو پھر ہم بن کے انجانے گئے

برق کے جور و ستم سے جب نشیمن جل گیا
کوششِ پیہم سے ہم تنکے اٹھا لانے گئے

چھوڑ کر اپنا وطن شاہیں کے بال و پر لئے
ہم بہ خوبی گردشِ دوراں کو سلجھانے گئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

میری بے تابی جو دیکھی ناز سے اس نے کہا
شمع روشن ہو جدھر اس سمت پروانے گئے

حج سے ہوں معصوم یوں جیسے ابھی پیدا ہوئے
کتنے ہی اشخاص بس 'الحاج' کہلانے گئے

سوز و سازِ عشق نے ثاقبؔ کو جب مضطر کیا
لکھ کے اک تازہ غزل محفل کو گرمانے گئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

غزل

بڑھ کر نہیں اک خواب سے دنیا میرے آگے
داد اس کی جو دے گا وہی سچا میرے آگے

کچھ اس سے زیادہ نہیں دنیا کی حقیقت
کہتے ہو چمن جس کو ہے صحرا میرے آگے

تابندہ مقدر نہیں رہتا ہے ہمیشہ
شہرت ہے فقط وعدۂ فردا میرے آگے

کیا جانے کوئی مست نگاہی کی حقیقت
بھرپور ہے صہبا سے یہ مینا میرے آگے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کیوں ہوگی مجھے خواہشِ لیلیٰ و زلیخا
حورانِ بہشتی کا ہے جلوا میرے آگے

درماندۂ تحریر مرا زورِ قلم ہے
ہے موجزن افکار کا دریا میرے آگے

غصے پہ جسے صبر و تحمل کی ہو طاقت
ہے قدر کے قابل وہ توانا میرے آگے

اپنی ہی جسے ذات کا عرفان ہو حاصل
ہے ایک وہی دیدۂ بینا میرے آگے

اٹھتی ہے تہہِ دل سے تمنا میرے دل میں
گونجا کرے توحید کا نغما میرے آگے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ثاقبؔ جو کھڑا ہوتا ہے دربار خدا میں
آجاتا ہے اللہ بھی میرا میرے آگے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

غزل

اجڑے ہوئے گلشن کی تعمیر کو کیا کہیے
ہلکے سے تبسم کی تاثیر کو کیا کہیے

اس طورِ مجلّٰی کی تنویر کو کیا کہیے
اک مردِ مجاہد کی تصویر کو کیا کہیے

معصوم سے ہونٹوں کی تحریر کو کیا کہیے
خاموش نگاہوں کی تقریر کو کیا کہیے

تدبیر کے خوگر کو تقدیر کا شکوہ کیوں؟
تقدیر بدلنے کی تدبیر کو کیا کہیے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کیا عزم جہانبانی ، کیا جذبۂ ایمانی
اس فاتحِ خیبر کی تکبیر کو کیا کہیے

زندان و سلاسل سے ممکن ہے رہائی بھی
لیکن تیری زلفوں کی زنجیر کو کیا کہیے

قرآں ہے کلام اللہ ، شارح ہیں رسول اللہؐ
قرآن کی عظمت اور تفسیر کو کیا کہیے

اُف جاگتی دنیا میں خوابیدہ مسلماں ہے
اس خوابِ پریشاں کی تعبیر کو کیا کہیے

اللہ کا خلیفہ بھی مسجود ملائک بھی
اس حضرتِ انساں کی توقیر کو کیا کہیے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اعداء کے دلوں پر بھی تھا سکّہ رواں ان کا
اخلاقِ نبوتؐ کی شمشیر کو کیا کہیے

مانگا تھا بہت تھوڑا ثاقبؔ نے بہت پایا
''لیکن تیری رحمت کی تاخیر کو کیا کہیے''

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

غزل

تمہارے روئے تاباں پر قیامت کی جوانی ہے
تمہاری چال میں بادِ بہاری کی کہانی ہے

نہ پوچھ اے شیخ میری زندگی کی داستاں مجھ سے
کسے تاب شنیدن! یہ جوانی کی کہانی ہے

کِیا نذرِ خزاں تم نے میرے دل کے گلستاں کو
ہے ویرانی ہی ویرانی یہ کیسی باغبانی ہے!

تمہاری دلبری کو دیکھ کر یوں لوگ کہتے ہیں
دیارِ عشق پر اہل جفا کی حکمرانی ہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نہ پایا ہے نہ پائیں گے کبھی جنسِ وفا شاید
یہی وہ شئے ہے جس کی تیری محفل میں گرانی ہے

ترستے ہی رہے ساحل کو جو اہلِ سفینہ تھے
رہی گرداب میں کشتی یہ کیسی بادبانی ہے

یہاں مظلوم پر ظالم کا پیہم ظلم ہے یا رب!
نہ جانے کس ستمگر کی یہاں پر حکمرانی ہے

محبت میں میرے دل پہ نہ پوچھو کیا نہیں گزری
رہا پژمردہ دل آنکھوں سے اشکوں کی روانی ہے

جوانی ایک ڈھلتی چھاؤں ہے کیا فخر ہو اس پر
یہاں ہر چیز فانی ہے یہ دنیا خود بھی فانی ہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نظر اٹھنے نہ پائی تھی کہ حائل ہوگئے پردے
جنوں والوں سے کیسے مہوشوں کو بدگمانی ہے

تمہاری بزم میں اک عاشقِ دلگیر آیا ہے
نہ پوچھی بات تک اس کی یہ کیسی میزبانی ہے

محبت کے مزے سے دل میرا سرشار تھا لیکن
جوانی نے کسک وہ دی کہ دل اب پانی پانی ہے

گلہ کل تک زباں پر تھا ہماری غیر کا ، ثاقبؔ
مگر یاروں کے احسانوں کی اب تو نوحہ خوانی ہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

غزل

نہ تو نغمہ سنج بلبل نہ تو گل میں دلکشی ہے
جو کلی کلی ہے مضطر تو یہ کیسی بے کلی ہے

میرے قلب و جاں کے مالک میری عرضداشت سن لے
میرے دل کو کر منور تو ضیائے دائمی ہے

نہیں ظرف مجھ میں اتنا کہ تیری عطا سنبھالوں
میں یہ جانتا ہوں ورنہ تیرے پاس کیا کمی ہے

نہ دوا ہی کارگر ہے نہ دعا ہی بااثر ہے
''مجھے درد دینے والے تیری بندہ پروری ہے''

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نہ خدا سے یاس رکھو، نہ بتوں سے آس رکھو
یہی رازِ زندگی ہے ، یہی اصلِ بندگی ہے

نہ خلوص ہے جہاں میں نہ کہیں وفا کی خوشبو
ہے جہاں مفاد ، دنیا اسی موڑ پر کھڑی ہے

یہ نظر فریب جلوے یہ نظارہائے رنگیں
یہ بتوں کی دلکشی ہے کہ یہ سحرِ سامری ہے

یہ تیری حیات ثاقبؔ ہے خدا کی اک امانت
کبھی تو نہ کر خیانت یہی شانِ منصفی ہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

غزل

جو رب کی حمد و ثنا صبح و شام کرتے ہیں
ان ہی پہ اپنی وہ رحمت تمام کرتے ہیں

ہم اپنے گھر میں بہت کم قیام کرتے ہیں
وطن سے دُور بہت دُور کام کرتے ہیں

سلگ رہی ہے جو سینوں میں آتشِ نفرت
ہم اس بناء پہ محبت کو عام کرتے ہیں

نشاں ہے مونچھ کا لب پر نہ رُخ پہ داڑھی ہے
نہ جانے لوگ انہیں کیوں امام کرتے ہیں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

شعور مردہ ، دل افسردہ ، عقل پژمردہ
کچھ ایسے لوگ بسر صبح و شام کرتے ہیں

زباں پہ مہر ہے اور ہاتھ پیر پر قدغن
ہم ان سے اب تو نظر سے کلام کرتے ہیں

وہ بجلیاں جو گراتے ہیں خرمنِ دل پر
نگاہِ مست سے ساقی کا کام کرتے ہیں

جلادیں کشتیاں پہنچے تھے جن سے ساحل پر
یہ ہیں وہ مرد جو دنیا میں نام کرتے ہیں

نگاہ تشنہ ، زباں تشنہ اور ذہن بھی تشنہ
''یہ لوگ اور ہمیں تشنہ کام کرتے ہیں''

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مجھے فریب ، مسلسل سکون کا دے کر
نہ جانے مجھ پہ وہ کیوں اتّہام کرتے ہیں

وہ اپنے خط سے نہ دے کر جواب ثاقبؔ کو
نہ جانے نیند کیوں اس کی حرام کرتے ہیں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

غزل

اللہ رے اُلفت بھی کیا خوب سہارا ہے
کوئی بھی نہیں اپنا ، پر غم تو ہمارا ہے

کیوں اے دلِ ناداں! تو شیدائی اُلفت ہے
اتنا تو سمجھ لیتا ، انجام خسارا ہے

الفت میں تری میرا اب حال کچھ ایسا ہے
پاکر بھی تجھے میں نے پھر تجھ کو پکارا ہے

داغوں سے محبت کے ، گلشن ہے میرا سینہ
ہر زخم مرا گُل ہے ، ہر داغ ستارا ہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ثاقبؔ نہ لگا دل کو اس درجہ تو دنیا سے
ہر لمحۂ راحت پر ، بس غم کا اِجارا ہے



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

غزل

رونقِ دل کو بڑھانا چاہئے
اُن کو محفل میں بُلانا چاہئے

اب جگر پر چوٹ کھانا چاہئے
''حوصلہ دل کا بڑھانا چاہئے''

دل کو اب ایسا بنانا چاہئے
ہر جفا پر مسکرانا چاہئے

دل سے اب غم کو مٹانے کے لئے
اشک کا دریا بہانا چاہئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اشک پی لینے سے غم گھٹتا نہیں
ان کو مژگاں سے بہانا چاہئے

رسواہ ہونے میں نہیں لگتی ہے دیر
نام کرنے اک زمانا چاہئے

داستانِ غم سنا کر آخرش
ان کو اب اپنا بنانا چاہئے

پاس اپنے اب تو وہ آتے نہیں
پاس اُن کے ، ہم کو جانا چاہئے

عشق گر مطلوب ہے ثاقبؔ ، تو پھر
خود کو دیوانہ بنانا چاہئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

غزل

غنچۂ دل کھلا نہیں ہے کیا؟
یہ خدا کی عطا نہیں ہے کیا؟

طبعِ صدق و صفا نہیں ہے کیا؟
صحبتِ اتقیاء نہیں ہے کیا؟

آس بُت سے لگائے ہو کیوں تم؟
یہ بتاؤ خدا نہیں ہے کیا!

اپنے دل میں جگہ مجھے دو تم
ظرف اتنا بڑا نہیں ہے کیا؟

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حُور ، باغ و بہار ہو جو تم
خلد کی یہ فضا نہیں ہے کیا؟

پاس تم ہو تو زندگی نعمت
بن تمہارے سزا نہیں ہے کیا؟

میں تمہارا ہوں ، یا ہو تم میرے
فیصلہ یہ ہوا نہیں ہے کیا؟

کس لئے جستجوئے مرہم ہے؟
''درد خود ہی دوا نہیں ہے کیا؟''

www.KitaboSunnat.com

نام لینا بھی جب نہیں منظور
عشق پھر باحیا نہیں ہے کیا؟

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

آپ کے حال سے ہمارا حال
آشکارا ہوا نہیں ہے کیا؟

وقتِ طوفاں نہیں خدا پہ نظر
ناخدا کا خدا نہیں ہے کیا!

جل کے خود سب کو نور دیتی ہے
شمع کی یہ وفا نہیں ہے کیا؟

جی نہیں لگ رہا ہے ثاقبؔ کا
ساتھ میں دِلربا نہیں ہے کیا؟

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

غزل

متاعِ صبر لٹی ، دولتِ قرار گئی
وہ ہم سے دور ہوئے ، رونقِ بہار گئی

پڑی جو ایک نظر ان کی ، صحنِ گلشن میں
کلی کو پھول کیا ، پھول کو نکھار گئی

حیات ، لذت و غم کا حسین سنگم ہے
کہ آئی ناز سے ، لوٹی تو اشکبار گئی

مرض یہ قوم کا کچھ بھی سمجھ میں آ نہ سکا
خدا کو چھوڑ کے کیوں جانبِ مزار گئی!

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دیا ہے شمع نے انساں کو درسِ عبرت یوں
جلا کے اپنی 'انا' بزم کو سنوار گئی

وطن جو لوٹے تو عقدہ کھلا ہے یہ ثاقبؔ
خزاں تھی دشت میں ، اب گھر سے بھی بہار گئی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

غزل

الٰہی صحنِ گلستاں میں اک عذاب آیا
کہ پھول نوچنے ، مالی ہی بے حجاب آیا

عجیب آج محبت میں انقلاب آیا
کہ مجھ سے ملتے ہوئے بھی انہیں حجاب آیا

بس اس قدر ہے حقیقت ہی زندگانی کی
کہ سطحِ آب پہ جیسے کوئی حُباب آیا

کبھی جو شیخ چلے سوئے میکدہ چُھپ کر
تو اُن کے سامنے بس ، تحفۂ خضاب آیا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جو شاخ دفن ہوئی ، تب کھلا ہے پھول اس پر
کہ پہلے موت ہوئی بعد میں شباب آیا

وہ چاہتے تھے کہ میں ان کو بے نقاب کروں
مگر یہ کہتے ہوئے بھی انہیں حجاب آیا

چُرالیا دلِ ثاقبؔ تو ، لُٹ گئے وہ بھی
یہ انقلاب میں اک اور انقلاب آیا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

غزل

سیم و زر کی تمنائیں دل میں لئے، محل خوابوں کے تعمیر کرتا رہا
جیسے دریا کنارے کوئی بیٹھ کر، نقش آبِ رواں پر بناتا رہا

میں وسائل کو مقصد سمجھتا رہا، خون ارماں کا ہر آن کرتا رہا
ایک گٹھری میں دولت کو باندھے ہوئے عمرِ رفتہ کا ماتم مناتا رہا

یہ فضاؤں میں اُڑتا ہوا آدمی، جس نے شمس و قمر کو مسخر کیا
زندگی میں ترقی تو حاصل ہوئی پر، سکوں کے لئے تلملاتا رہا

جو خودی پا گیا وہ خدا پا گیا، یہ ہے 'اقبال' کا منفرد فلسفہ
فکرِ 'اقبال' کو اپنے دل میں لئے، یادِ 'اقبال' کو میں مناتا رہا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

یہ تو روشن حقیقت ہے سب پر عیاں، جسم اور روح سے مل کے انساں بنا
جسم کی تشنگی کو بجھاتا رہا ، روح کی تشنگی کو بڑھاتا رہا

دوستو ایک گلشن ہے یہ زندگی، جس میں کانٹے بھی ہیں اور حسیں پھول بھی
کوئی پھولوں سے دامن کو بھرتا رہا، کوئی کانٹوں سے دامن سجاتا رہا

دن تو مصروفیت میں گزر ہی گیا، شب میں ثاقبؔ قیامت ہوئی ہے بپا
اُن کی یادوں کو اپنی جِلو میں لئے رات بھر صرف آنسو بہاتا رہا



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

غزل

دل میں ہے لگی آگ ، بجھاتا نہیں کوئی
برسوں سے یہاں شمع ، جلاتا نہیں کوئی

کُمھلائے ہوئے پھول ، کِھلاتا نہیں کوئی
گزرے ہوئے لمحات کو ، لاتا نہیں کوئی

اس دَور کے انسان نے ہر چیز بنالی
پر ٹوٹے ہوئے دل کو ، بناتا نہیں کوئی

ہر لب پہ ہیں اب جھوٹے تبسم کی لکیریں
پر زخمِ نہفتہ کو ، بتاتا نہیں کوئی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جس شمع سے انساں کو ملی راہِ ہدایت
اُس شمع کی لَو اب تو ، بڑھاتا نہیں کوئی

نغماتِ حجازی سے چمک اٹھے تھے ذرّے
افسوس! وہ نغمات بھی ، گاتا نہیں کوئی

آغازِ محبت تو بہت خوب ہے ، لیکن
انجام تلک اس کو ، نبھاتا نہیں کوئی

ہو جس کے رگ و پے میں شہادت کی تمنا
اس مردِ مجاہد کو ، دباتا نہیں کوئی

ہے دعوۂ ایمانِ براہیمؑ تو ، لیکن
پر آگ کو گلزار ، بناتا نہیں کوئی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بدلے ہوئے موسم میں ، نئے دور میں ثاقبؔ!
اشعار ترے سنتا ، سناتا نہیں کوئی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

غزل

وفورِ شوق میں ہر رہگذر سے گذرے ہیں
حصولِ نفع کی خاطر ضرر سے گذرے ہیں

تمہاری یاد کے سیلِ رواں کا فیض ہے یہ
جو بحرِ عشق کے مدوجزر سے گذرے ہیں

بعید گھر ہی رہے ، یا طویل ہو دیوار
نظر کے قافلے دیوار و در سے گذرے ہیں

وہ شب کو آئیں گے ، یا آئیں گے بہ وقتِ سحر
اس انتظار میں شام و سحر سے گذرے ہیں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فقط نگاہ سے سب راز کھل گئے دل پر
قلم سے ، لوح سے ، نظم و نثر سے گذرے ہیں

رہِ حیات میں منزل وہ پاگئے ثاقبؔ
جو اہلِ عزم کہ ، خوف و خطر سے گذرے ہیں



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

غزل

کبھی سودا کبھی وحشی کبھی دیوانہ ہوا
کن کن القاب سے اے عشق! تو رسوا نہ ہوا

مرمریں جسم سہی ، دل پہ ہے کاجل کی لکیر
کونسا دل ہے جو اس دَور میں کالا نہ ہوا

لختِ دل کھانے کو اور خونِ جگر پینے کو
یہ مداوائے غمِ دل کا طریقا نہ ہوا

چل دیئے اٹھ کے جو وہ ، دل بھی چلا ساتھ اُن کے
کیا غضب ہے کہ میرا دل بھی تو میرا نہ ہوا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

یوں تو سب کرتے ہیں دعویٰ ہی ، وفاداری کا
آج تک کوئی وفادار تو پیدا نہ ہوا

میں نے تیرے ہی لئے چھوڑ دیا تھا سب کو
میں کدھر جاؤں بھلا؟ جب کہ تو میرا نہ ہوا

لوگ مُردوں کا کفن سی تو دیا کرتے ہیں
دلِ مردہ کا کفن آپ سے ، سینا نہ ہوا

جینا چاہا تو مجھے چین سے جینے نہ دیا
مرنا چاہا ، تو تجھے یہ بھی گوارا نہ ہوا

عقل نے بخشا مجھے سود و زیاں کا احساس
تم جو اپنے نہ ہوئے میں بھی تمہارا نہ ہوا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

شمعِ محفل نہ کہیں کیوں تجھے ہم اے ثاقبؔ!
موم کی طرح کوئی تجھ سا پگھلتا نہ ہوا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

غزل

ہے دل میں نہاں اور ، زباں پر ہے عیاں اور
اس دَور میں انساں کے ہوئے قلب و زباں اور

خود اپنے ہی جیسے وہ سمجھتے ہیں سبھوں کو
سچ بات بتائیں بھی تو رکھتے ہیں گماں اور!

آساں ہے کہ شمشیر و سِناں سے بھی بچیں ہم
لیکن تری نظروں کے تو ہیں تیر و کماں اور!

بچوں کے کھلونے تو نہیں ہیں یہ دل و جاں!
یہ ٹوٹ اگر جائیں تو لا لیں دل و جاں اور

ہم مثلِ براہیمؑ ہیں گو بُت شکنی میں
لیکن ہمیں دیتی ہے 'انا' بت کا نشاں اور

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

رنگ و نسل و قوم و زباں اور وطن کے
باقی ہیں مسلماں میں جہالت کے بُتاں اور

اسلام کو مت روکو کہ اسلام ہے دریا
دریا کو جو روکو گے تو وہ ہوگا رواں اور

کیا ماں کی حقیقت ہے وہ اک ماں ہی سے پوچھو
بیٹے ہوں جواں اُس کے تو ہوتی ہے جواں اور!

ہم ہیں کہ اُلجھ کر رہے دنیائے دَنی میں
بڑھ کر ہے تصور سے بھی جنت کا جہاں اور

ثاقبؔ کو بھی انساں کے حوالے ہی سے جانچو
جن سے نہ ہو لغزش ، تو وہ ہیں گرُوِیاں اور

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

غزل

ہمارے ہوش بہ ناز و اَدا اُڑائے ہیں
وہ جب بھی آئے قیامت کو ساتھ لائے ہیں

تباہی ایسی مچائی وبائے مغرب نے
عرب ہو یا کہ عجم اس کی زَد میں آئے ہیں

صبا کی نازنیں لہریں یہ کہہ گئیں مجھ سے
جو غنچے سحر میں جاگے وہ مسکرائے ہیں

نظافت اس رُخ زیبا کی ایسی ہے شفاف
کہ جیسے اوس نے پھولوں کے منہ دُھلائے ہیں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

زمیں کی سیر بھی ہم سے نہ ہو سکی ثاقبؔ
وہ اہلِ فکر خلاؤں میں جا کے آئے ہیں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

غزل

تہمت کے مرحلے میں میرا نام آ نہ جائے
اک بے قصور پر کہیں الزام آ نہ جائے

بے کار زندگی ہے ، عبث اس کا ہر عمل
دنیا میں جب تلک وہ کسی کام آ نہ جائے

'سیتا' سی کوئی دیوی ہے دہلیز پر کھڑی
'رام' آتے آتے اس کا ، کہیں شام آ نہ جائے

یہ تیرگی چھٹے گی ، بٹے گی نہ روشنی
''ماہتاب جب تلک کہ لبِ بام آ نہ جائے''

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اخلاص کا ثبوت دئے جا رہے ہیں ہم
کوئی خیال اور کہیں خام آ نہ جائے

دنیا کے میکدوں سے گریزاں ہوں اس لئے
کوثر سے پہلے اور کوئی جام آ نہ جائے

ثاقبؔ ہمیں نے کی تھی پہل راہِ عشق میں
اندیشہ تھا کہ اُن کا کہیں نام آ نہ جائے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

غزل

دنیا کے مسائل نے اِس طرح کچھ اُلجھایا
اب یاد نہیں ہم کو کیا کھو یا ہے ، کیا پایا؟

تپتے ہوئے صحرا میں ، تنہائی کے عالم میں
اوڑھے ہوئے رہتا ہوں یادوں کا تری سایا

اُن کے رخِ روشن پر لہرائے جہاں گیسو
گویا کسی بادل نے ہے چاند کو آ گھیرا

ہم نے کسی سیّد سے ، نہ پیرِ طریقت سے
یہ وِردِ سحر گاہی اک مُرغ سے ہے سیکھا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

صُوفی میں نہ ملّا میں نہ پوپ و برہمن میں
اندازِ سحر خیزی بس زاغ ہی میں پایا

حیوانوں سے بدتر ہیں کتوں سے بھی کمتر ہیں
اَفرنگ کا یہ کلچر ہم کو تو نہیں بھایا

آئینِ الٰہی کو جب بُھول گئے مسلم
اللہ کی رحمت سے وہ ہو گئے بے مایا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

غزل

تھے اور لوگ جانے بھلا کس خیال میں
اپنے تو دن گزر گئے بس قیل و قال میں

ہر ذرّہ ذرّہ منبعِ انوار بن گیا
کھویا ہوں جب سے تیرے جلال و جمال میں

رہتا ہوں میں اگرچہ تری انجمن سے دور
پھر بھی میں مست رہتا ہوں تیرے خیال میں

انسان جانتا ہے کہ دنیا سراب ہے
غافل وہ پھر بھی رہتا ہے خواب و خیال میں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اپنی تو ساری عمر تمنا میں کٹ گئی
پھانسا تھا خواہشات نے یوں مجھ کو جال میں

گزرا نہ ایک عرصہ بھی حسنِ عمل میں جب
کیا انقلاب آئے گا ثاقبؔ کے حال میں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

غزل

نہ مہر و مہ نہ ستاروں میں پائی جاتی ہے
چمک وہ جو تری آنکھوں میں پائی جاتی ہے

نہ مشک میں ہے نہ عنبر میں اور نہ پھولوں میں
مہک وہ جو تری زلفوں میں پائی جاتی ہے

نہ عندلیب نہ کوئل میں اور نہ مینا میں
چہک وہ جو ترے نغموں میں پائی جاتی ہے

نہ آبشار میں کچھ ہے نہ گرتے جھرنوں میں
لچک وہ جو تری باتوں میں پائی جاتی ہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سراب میں ہے نہ گرداب میں نہ گلشن میں
بھٹک وہ جو تری گلیوں میں پائی جاتی ہے

نہ برف میں ہے نہ شبنم میں اور نہ اولوں میں
خنک وہ جو تری بانہوں میں پائی جاتی ہے

نہ کہکشاں میں نمایاں نہ لالہ و گل میں
شفق وہ جو ترے گالوں میں پائی جاتی ہے

www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

غزل

دنیائے محبت کی ہر وضع نرالی ہے
سوچیں تو حقیقت ہے دیکھیں تو خیالی ہے

اس دیس میں شرفاء کی کیسی یہ تواضع ہے
بگڑی جو کسی سے کچھ بس پگڑی اچھالی ہے

نفرت ہے بہت ارزاں الفت ہے گراں مایہ
اخلاص و محبت تو اس دور کی گالی ہے

آتی ہے صدا اب بھی مسجد کے مناروں سے
نے لحن ہے داؤدی ، نے سوزِ بلالی ہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سکرات کے عالم میں مومن کا ہے یہ عالم
دل میں بھی مسرت ہے، رخ پر بھی بحالی ہے

جن ہو کہ فرشتہ ہو یا پیر و پیمبر ہو
لاریب ہر اک ہستی اللہ کی سوالی ہے

احسانِ مسیحا بھی کب ہم کو گوارا تھا
فوراً ہی دعا دی ہے جب اس سے دوا لی ہے

ثاقبؔ کی دعا لے لو ، ثاقبؔ کو دعا دے دو
ثاقبؔ نے دعا دی ہے ، ثاقبؔ نے دعا لی ہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

خراجِ عقیدت



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حضرت کاکا محمد عمر و حضرت کاکا سعید احمد عمری

جامعہ دارالسلام عمر آباد (انڈیا) کے جنرل سکریٹری حضرت عزت مآب الحاج کاکا محمد عمر صاحب اور ان کے برادرِ حقیقی و جوائنٹ سکریٹری حضرت مولانا کاکا سعید احمد صاحب عمری حفظہما اللہ کی جامعہ دارالحدیث مشیر آباد (حیدر آباد دکن) کے سالانہ جلسہ میں مہمان خصوصی کی حیثیت سے تشریف آوری پر۔

***

'کاکا سعید' و 'کاکا عمر' رونق محفل
بس دین کے جذبات سے سرشار ہیں یہ دل

جس طرح سے اس بزم میں ہیں شادمان وہ
امید ہے جنت میں رہے گی یہی محفل

یہ اشعار ۱۹۷۶ء میں پڑھے گئے

☆☆☆

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حضرات علمائے کرام

مولانا محمد رضوان القاسمی صاحب بانی و مہتمم دارالعلوم سبیل السلام حیدرآباد دکن ،مولانا محمد عمران الاعظمی عمری دائرۃ المعارف جامعہ عثمانیہ حیدرآباد دکن، مولانا عبدالسلام رحمانی صاحب ناظم اعلیٰ مرکزی جمعیت اہل حدیث انڈیا، مولانا محمد عبدالرحمٰن ندوی صاحب شیخ الجامعہ جامعہ دارالحدیث مشیرآباد و مدیر ندوۃ السنۃ فتح دروازہ حیدرآباد دکن حال مقیم قطر مبعوث سعودی عرب ، کی جامعہ دارالحدیث مشیرآباد (حیدرآباد دکن) کے سالانہ جلسہ میں تشریف آوری پر

اک طرف ہیں 'رضوان' تو اک طرف ہیں 'عمران'
اک طرف ہیں 'سلام' تو اک طرف ہیں 'رحمان'
علماء ہی کی کثرت سے ہے یہ زینت محفل
ثاقبؔ یہ ہے سب سے بڑا اللہ کا احسان

یہ اشعار ۱۹۷۶ء میں پڑھے گئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بوسنیا!

جو بوسنیا میں ہوتا ہے
دل خون کے آنسو روتا ہے

اور شاعر شعروں میں ہر دم
دکھ درد کے ہار پروتا ہے!

یہ اشعار ۱۹۹۴ء میں لکھے گئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

محترم محمد صلاح الدین شہیدؒ

مدیر اعلیٰ ہفت روزہ 'تکبیر' کراچی مطبوعہ روزنامہ جنگ لندن

تھا صلاح الدیں صحافت کا چراغ
جس نے سارے گھر کو روشن کردیا
اس کی قسمت میں شہادت تھی لکھی
پیش اس نے خون اپنا کر دیا

تھا صلاح الدیں صحافی باکمال
موت سے جس کی ہوا ہم کو ملال
قوم کو اس نے دیا اک ولولہ
رحم کر اس پر خدائے ذوالجلال

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مسجد اہل حدیث بریڈفورڈ ۵

بریڈفورڈ ۵ میں جمعیت اہل حدیث برطانیہ کی نئی برانچ
اسلامی سنٹر (مسجد و مدرسہ) کے افتتاح کے مبارک موقع پر

خوشا اسلام کا سنٹر کھلا ہے اے مسلمانو!
امیدوں کا چمن رنگیں کھلا ہے اے مسلمانو!

اشاعت دین کی ہو گی خدا کے اس نئے گھر میں
یہ گھر رب کی عنایت سے بنا ہے اے مسلمانو!

یہ اشعار ۴ جون ۱۹۹۵ء میں پڑھے گئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حضرت مولانا مختار احمد ندوی

محترم حضرت مولانا مختار احمد ندوی صاحب خطیب مسجد اہل حدیث بمبئے ورکن آل انڈیا مسلم پرسنل لاء بورڈ و مدیر دار المعارف بمبئے (انڈیا) کی جامعہ دار الحدیث مشیر آباد حیدر آباد دکن کے سالانہ جلسہ میں تشریف آوری پر

شیریں بیاں خطیب ہیں یہ 'حضرتِ مختار'
لیکن ہیں یہ باطل کے لئے نشتر و تلوار

شیریں بیاں فقط نہیں شیریں قلم بھی ہیں
لکھیں کتب بھی آپ نے کتنی ہی بے شمار

یہ اشعار ۱۹۷۶ء میں پڑھے گئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

انتخابِ صدرِ جلسہ

یہ اشعار جامعہ دارالحدیث مشیرآباد، حیدرآباد دکن کے سالانہ جلسہ میں پڑھے گئے
جو زیرِ صدارت مولانا مختار احمد ندوی صاحب ۱۹۷۶ء میں منعقد ہوا تھا

جلسے کا انعقاد بہت کامیاب ہے
اور انتخاب ، صدر کا بھی لاجواب ہے

ثاقبؔ نے ایسے موقعۂ زریں پہ یہ کہا
"یہ انتخاب حاصلِ صد انتخاب ہے"

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مفکّر ورائٹر

مفکر اسلام مولانا وحیدالدین خان صاحب
مدیر ماہنامہ ''الرسالہ'' وصدر مرکز اسلامی ہند کی برمنگھم تشریف آوری پر

کس کی آمد سے سبھی مسلم ہوئے دلشاد ہیں
ہاں! مسلماں ہی نہیں ہیں غیر بھی تو شاد ہیں

عالمی شہرت کے حامل اک مفکر ، رائٹر
ہیں 'وحیدالدین' مہماں ، میزباں 'شمشاد' ہیں

ا جناب شمشاد محمد خان صاحب ڈائریکٹر IPCI برمنگھم

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ڈاکٹر صمدانی فاضلؔ

ہردلعزیز حکیم وڈاکٹر مولانا محمد عبدالصمد صمدانی صاحب فاضل بانیٔ جامعہ دارالحدیث ومہتمم مدرسہ نسواں 'سکینہ ونور بانو علاء الدین' وسرپرست صمدانی میڈیکل مشیرآباد حیدرآباد دکن

'ڈاکٹر صمدانی فاضل' نے لگایا یہ چمن
اس پہ نا آئے کبھی دورِ خزاں دل شکن

لہلہائے پتہ پتہ ، ہر کلی ہو خندہ زن
رحمتِ پروردگارا اس پہ ہو سایہ فگن

یہ اشعار ۱۹۷۴ء میں لکھے گئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

پروفیسر علامہ ساجد میر صاحب

سینیٹر اور امیر مرکزی جمعیت اہل حدیث پاکستان پروفیسر علامہ ساجد میر صاحب کی جمعیت اہل حدیث برطانیہ کی اٹھارہویں سالانہ کانفرنس منعقدہ ۱۹۹۵ء میں تشریف آوری پر

اے خوشا علامہ ساجد میر جمعیت کے میر
دینِ حق کے ترجماں ہیں اور سیاست میں شہیر

حق گوئی ان کا وطیرہ بات ہے ان کی کھری
یہ نہیں خائف کسی سے ہو 'نیاں' یا ' بینظیر'

یہ سلف کی سیرت و کردار کا ہیں آئینہ
ان کا سایہ رکھ ہمارے سر پہ اے ربِ قدیر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اللہ کا سلام!

یہ اشعار آراکو ظہران سعودی عرب میں ہندو پاک ادبِ اسلامی کے زیر اہتمام
منعقدہ مشاعرہ ۲/ مارچ ۱۹۸۹ء میں پڑھے گئے

رحمت خدا کی تم بر پیہم مدام ہو
فتحِ مبیں کا تم کو مبارک انعام ہو

افغان کے مجاہدو شہداء و غازیو!
ہر حال میں اللہ کا تم پر سلام ہو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

امامِ کعبۃ اللہ

امام کعبہ علامہ الشیخ ڈاکٹر عبدالرحمٰن السدیس صاحب حفظہ اللہ کی مرکزی جمعیت اہلحدیث کی سالانہ اسلامی دعوت کانفرنس میں برمنگھم تشریف آوری پر

اے خوشا! علامۂ عالی ہمم
آپ ہیں مہماں ہمارے محترم
آپ کا آنا مبارک ہو یہاں
مرحبا! ذی محتشم شیخِ حرم

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

گلستانِ سلف

مرکز تجمعیت اہل حدیث برطانیہ کے روح رواں مدینہ یونیورسٹی کے فاضل و
فعال نوجوان حضرت مولانا محمود احمدؒ میر پوری کو خراج عقیدت

'حضرتِ محمود احمدؒ نے سجایا یہ چمن
لہلہائے اس کا ہر پتہ ہوں کلیاں خندہ زن

یہ گلستانِ سلَف توحید کا مرکز ہے جو
تو اسے آباد رکھنا اے خدائے ذوالمنَن

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حضرت حکیم محمد سعید

مؤسس دواخانہ ہمدرد (وقف) سابق گورنر سندھ پاکستان معروف ادبی اور سماجی شخصیت حضرت حکیم محمد سعید صاحب کی برمنگھم میں الھجرہ اسکول تشریف آوری پر پڑھے گئے اشعار

بزم میں ہے کس کی آمد دن بنا روزِ سعید
ہاں مبارک دن ہے یہ گویا کہ ہے عیدِ سعید

پیکرِ علم و ادب اور بانیٔ 'ہمدرد' ہیں
اے حکیمِ دین و ملت مرحبا حضرت سعید!

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تلمیذۂ حافظ رضوان اللہ بدر صاحب

برمنگھم میں عزیزہ شبینہ سلمھا دختر جناب شمشیر علی صاحب کی جانب سے اپنی دختر نیک اختر کے اساتذہ حافظ رضوان اللہ بدر صاحب اور انکی اہلیہ محترمہ حافظہ گلناز صاحبہ کی زیرنگرانی حفظ قرآن مکمل ہونے کی خوشی میں منعقدہ تقریب میں پڑھے گئے اشعار۔

حفظِ قرآں اب 'شبینہ' نے مکمل کر لیا
نور سے قرآن کے دامن کو اپنے بھر لیا

والدین ان کے مبارکباد کے ہیں مستحق
'حافظہ گلناز' نے 'رضواں' کو راضی کر لیا

www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ڈاکٹر حضرت صہیب حسن

برطانیہ کے معروف اسکالر اور امیر مرکزی جمعیت اہل حدیث برطانیہ
حضرت مولانا ڈاکٹر صہیب حسن صاحب (فاضل مدینہ یونیورسٹی) کی شان میں

شمعِ محفل نیرِ جمعیّت ڈاکٹر حضرت صہیب
ہیں امیرِ دین و ملت ڈاکٹر حضرت صہیب

بڑھ رہا ہے کاز جمعیّت کا انگلستان میں
زیرِ ظلّ جمعیّت ڈاکٹر حضرت صہیب

ہے دعا ثاقبؔ کی اور احبابِ جمعیّت کی یہ
دیر تک ہوں بھی سلامت ڈاکٹر حضرت صہیب

۲۵ر جون ۱۹۹۵ء کو میڈسٹون مسجد کے افتتاحی جلسہ میں پڑھے گئے اشعار

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حضرت شریف و چوہدری اعظم

جامع مسجد و اسلامی سینٹر میڈسٹون برطانیہ کے بانیان حضرت مولانا شریف احمد حافظ صاحب و جناب چوہدری محمد اعظم صاحب و معاونین کی شان میں

'حضرتِ حافظ' و 'اعظمؒ' نے لگایا یہ چمن
اور خدا کے نیک بندوں نے سجایا یہ چمن

تو سلامت رکھ چمن اور مالیوں کو اے خدا!
اور جزائے خیر دے جس نے سنوارا یہ چمن

جامع مسجد اہل حدیث میڈسٹون (برطانیہ) کے افتتاحی جلسہ میں مورخہ ۲۵/ جون ۱۹۹۵ء میں پڑھے گئے اشعار

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مناظر اسلام حضرت دیدات

اسلام کے مبلغ اور مسیحیت کے مخالف عالمی شہرت کے حامل حضرت شیخ احمد دیدات صاحب کی برمنگھم تشریف آوری پر IPCI کی جانب سے منعقدہ ایک آٹوگراف تقریب میں پڑھے گئے اشعار

مرحبا آمد ہوئی ہے حضرتِ دیدات کی
ہو گیا گرویدہ وہ جس نے بھی ان سے بات کی
کتنے مسلم ہوگئے ہیں آپ کی تبلیغ سے
آبرو ملت کی ہے کیا بات ہے دیدات کی

حضرتِ دیدات ہیں اس دور کے عالی نظر
منکر تثلیث ہیں وحدت پہ جن کی ہے نظر
دینِ احمدؐ کے مبلغ ہیں ، مُناظر بے مثال
ان کا اندازِ تخاطب بالیقیں ہے با اثر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حافظ عادل شریف احمد حافظ

خوشا 'عادل' ہوئے حافظ جو ہیں 'ابنِ شریف احمد'
مثالی عالم و فاضل ہیں خود 'حضرت شریف احمد'
ہے ثاقبؔ کی دعا اس خانداں کی سعی پیہم سے
بہر سو پھیل جائے نورِ قرآں سیرتِ احمدؐ

یہ فرزندِ سعادتمند 'عادل' ہو گئے حافظ
ہیں والد عالم و فاضل تو دادا محترم حافظ
خدا محفوظ رکھے چشمِ بد سے اس گھرانے کو
نگہبانی کرے اس خانداں کی خالق و حافظ

یہ اشعار جون ۱۹۹۵ء میں پڑھے گئے

لے حافظ عبدالحکیم صاحبؒ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بزمِ علم وادب برطانیہ

معروف اکاؤنٹنٹ محترم الحاج محمد انور مغل صاحب 'جسٹس آف پیس'
برمنگھم کی قائم کردہ 'بزمِ علم وادب برطانیہ' کی تاسیس پر

علم و ادب کا ذوق ہو علم و ادب کی بزم سے
کاوش و فن کا شوق ہو علم و ادب کی بزم سے

'انور مغل' کی کاوشیں اللہ کرے قبول ہوں
شعر کا ذوق و شوق ہو علم و ادب کی بزم سے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

افتتاح مسجد اہل حدیث ڈربی

جامع مسجد اہل حدیث ڈربی (برطانیہ) کی توسیع کے بعد افتتاحی تقریب میں مورخہ ۱۲/مئی ۱۹۹۱ء میں پڑھے گئے

مسجد کا افتتاح بہت شاندار ہے
اور اس کا اجتماع بڑا پُر وَقار ہے

ثاقبؔ نے ایسے موقعۂ زریں پہ یہ کہا
'ڈربی' پہ آج رحمتِ پروردگار ہے

اس بزم کے جو 'شیخ' ہیں مہمان خصوصی
پامال گلستاں کے ہیں ریحانِ خصوصی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مانندِ وزیراں ہیں یہاں ہم سبھی ثاقبؔ
پر 'طاہر'[۲] و 'ہادی'[۳] تو ہیں شاہانِ خصوصی

[۲] امیر مرکزی جمعیت اہل حدیث برطانیہ قاری طاہر طیب صاحب
[۳] ناظم اعلیٰ مرکزی جمعیت اہل حدیث برطانیہ مولانا محمد عبدالہادی العمری صاحب

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حافظ الطاف الرحمٰن علوی لندن

حفظِ قرآں 'عادل احمد' نے مکمل کر لیا
نور سے قرآن کے سینے کو اپنے بھر لیا

والدین ان کے مبارکباد کے ہیں مستحق
'حضرتِ الطاف' [1] نے 'رحماں' کو راضی کر لیا

[1] استاذ محترم حافظ وقاری مولانا الطاف الرحمٰن صاحب علوی مقیم لندن

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

آہ حکیم سعید شہید!

حضرت حکیم محمد سعید صاحب کی شہادت پر

بزم پژمردہ ہوئی اور دن بنا روزِ وعید
نامبارک ہاتھ سے سب کو ہوا کربِ شدید

پیکرِ علم و ادب 'ہمدرد' کے بانی 'سعید'
کتنی بیدردی سے آخر ہوگئے وہ بھی شہید!

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

آہ حاجی عبدالخالق رحمانی!

برمنگھم میں جمعیت اہل حدیث کی معروف کاروباری شخصیت جناب ذوالفقار علی رحمانی صاحب کے والد محترم حاجی عبدالخالق رحمانی صاحب کی وفات پر

وہ 'حاجی عبدِ خالق ، رحمانی' ذی معالی
خوش خلقی و سخاوت بھی ان کی تھی مثالی

ہر شخص کی زباں پر جاری یہی دعا ہے
جنت میں ان کو یارب دے تو مقامِ عالی!

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لارڈ نذیر احمد آف رادھرم

مرکزی جمعیت اہل حدیث برطانیہ کے معزز رکن شوریٰ و عاملہ، برطانیہ کے دینی ، سیاسی ، قومی، سماجی اور اصلاحی قائد جناب نذیر احمد صاحب رادھرم کے کونسلر سے لارڈ کے منصب جلیلہ (رکن دارالامراء برطانیہ) پر پہنچنے پر خراج تحسین

نے بارڈ[1] بن گئے ہیں نہ لینڈلارڈ[2] بن گئے
بلکہ یقین و عزم میں وہ ہارڈ[3] بن گئے
فضل خدا سے قوم کے جب گارڈ[4] بن گئے
بھائی 'نذیر احمد' تب لارڈ[5] بن گئے

☆☆☆

[1] BARD وہ شاعر جو بادشاہوں کے شان میں قصیدے کہتا ہے۔
[2] LANDLORD جاگیردار، زمیندار۔ [3] HARD مضبوط، سخت
[4] GAURD نگہبان، نگران کار۔ [5] LORD برطانیہ میں دارالامراء کے ممبروں کا خطاب۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جامع سلفیہ ھڈرزفیلڈ

ھڈرزفیلڈ میں نئی مسجد بننے پر پڑھا گیا قطعہ

مل گیا توحید و سنت کا جنہیں اک فیلڈ[1] ہے
رب کی جانب سے انہیں بخشی گئی اک شیلڈ[2] ہے

دیکھ کر اس جامع سلفیہ کو ہر اک نے کہا
ہے مثالی کام جن کا نام ھڈرزفیلڈ[3] ہے

[1] میدان۔ [2] تمغہ۔ [3] Huddersfield

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

آشٹن اَنڈر لائن

میں نئی جامع مسجد اور مرکزی جمعیت اہل حدیث برطانیہ کی ۴۳ ویں برانچ کے افتتاح پر پڑھا گیا قطعہ

آشٹن میں بھائیو! اب اک نئی مسجد بنی
ہو مبارک افتتاحی بزم جو اب ہے سجی

ہے یہ شاخِ مرکزی جمعیت اہل حدیث
اے خدا توفیق دے تاکہ بنائیں سنچری

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جناب محمد اظہر مرحوم

سکریٹری جمعیت اہل حدیث ھڈرز فیلڈ اور بانی مسجد جامع سلفیہ کی یاد میں

جس نے بھی مسجد بنائی پائے جنت میں مکاں
ہے یہ ختم الرسلیںؐ کا قول بے وہم و گماں

اظہرِ مرحوم کا مقبول ہو یہ کار خیر
کر عطا ان کو مکاں فردوس میں ربّ جہاں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جناب ملک فضل حسین

اردو، انگریزی کے ادیب و مصنف، اردو شاعر اور اردو فورم (یو، کے)
برمنگھم کے ڈائریکٹر جناب ملک فضل حسین صاحب کے دوسرے مجموعہ
کلام ''کلیاتِ ابجد'' کی رسمِ اجراء کے موقع پر پڑھے گئے قطعات

ادبی محافل کے کنوینر
اردو انگریزی کے رائٹر
'ملک فضل' ہیں اعلیٰ شاعر
اردو فورم کے ڈائریکٹر

'ابیاتِ ابجد' کے شاعر
'کلیاتِ ابجد' کے رائٹر
اعلیٰ جن کے ہیں کیریکٹر
ہیں وہ ملک مثالِ اختر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حضرت سید منور حسین مشہدی

برمنگھم کے معروف عالم، ادیب اور شاعر حضرت مولانا سید منور حسین مشہدی صاحب کی کتاب ''رفیقِ سفر'' کی رسم اجراء کے موقع پر

یہ دنیا بنی ہے مثالِ سقر
نہیں امن میں کوئی بھی بحر و بر

بنانے کو تابندہ اپنی حیات
پڑھو 'مشہدی' کی 'رفیقِ سفر'

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حضرت عطا جالندھری

برمنگھم کے معروف شاعر حضرت عطا جالندھری کے دوسرے شعری مجموعے ''شب زدہ تنہائیاں'' کی کونسل ہاؤز برمنگھم میں رسم اجراء کے موقع پر پڑھا گیا قطعہ

حسن کی رعنائیاں اور عشق کی جولانیاں
درحقیقت زندگی کی ہیں یہی پہنائیاں

دیکھ کر حضرت عطاؔ کی 'شب زدہ تنہائیاں'
آشکارا ہو گئیں سربستہ سب پنہائیاں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مرکزی جامع مسجد اہلحدیث برمنگھم

کے افتتاح کے موقعہ پر

'مسجدِ جامع' کے ہے اعزاز میں یہ اجتماع
'ڈاکٹر ترکی' نے فرمایا ہے جس کا افتتاح

ہے دعا ثاقبؔ کی 'الدکتور ترکی' کے لئے
اے خدا! دے تو انہیں دارین میں فوز و فلاح

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جمعیّتِ اہلحدیث گلاسگو

کی سالانہ کانفرنس کے موقع پر پڑھے گئے قطعات

ہیں جہاں الطاف بھائی اب گلاسگو کے امیر
ہیں وہیں کمیونٹی میں ارشد فاروقی شہیر

بانی جمعیّت کے جو حاجی امام الدین ہیں
رکھ تو ان سب کو سلامت اے مرے ربّ قدیر!

شیخ عبدالہادی ہیں یوکے جمعیت کے امیر
شیخ شعیب احمد بھی ہیں یُوکے جمعیت کے مدیر

بڑھ رہا ہے کام جمعیت کا اب چاروں طرف
قائدینِ محترم ہیں دین و ملت کے سفیر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

شاعرِ مشرق

جگایا شاعر مشرق نے ہے ہندی مسلماں کو
مسلماں جو گیا تھا بھول اپنے رب کے فرماں کو

ہوئے ہیں ہند میں شاعر ہزاروں یوں تو اے ثاقبؔ
ملا تھا مرتبہ اک خاص ہی اقبالِ ذیشاں کو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

شاعرِ کشمیر

جناب سردار محمد یوسف خان صاحب برمنگھم، کا شعری مجموعہ 'شاعر کشمیر' کی رسمِ اجراء کے موقع پر

'شاعرِ کشمیر' 'یوسف' کی کتاب
جو دکھاتی ہے رہِ حق و صواب

ولولہ تازہ عطا کرتی بھی ہے
اللہ اللہ یہ کتابِ لاجواب!

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جنرل حمید گُل صاحب

محترم حمید گل صاحب کی الجزیرہ سکول برمنگھم، برطانیہ تشریف آوری پر پڑھے گئے اشعار

بنے ہیں جو مہمان جنرل یہاں کے
ہیں انعام اُن پر خدائے جہاں کے

یہ دشمن ہیں ہر مستبد حکمراں کے
ہیں 'مرشد' بھی ذیشان 'عمران خاں' کے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

در مدحِ بانیٔ مرکزی جمعیت اہل حدیث برطانیہ

حضرت مولانا فضل کریم عاصم صاحب

حفظہ اللہ تعالیٰ

ہے مولانائے عاصم پر خدا کا فضل بے پایاں
فقیری میں انہوں نے شان و استغناء سے کی میری

مثالی ہیں یہ بانی ، قائدِ جمعیّتِ حق بھی
اسی خدمت میں گزری آپ کی برنائی و پیری

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بانیٔ مرکزی جمعیت اہل حدیث برطانیہ

حضرت مولانا فضل کریم عاصمؒ

کے سانحۂ ارتحال پر

حضرت فضل کریم عاصم تھے اک شیخ عظیم
مرکز اہل حدیث یوکے ، کے بانی و زعیم

سرپرست و مشفق و ہر دلعزیز و خیرخواہ
سُوئے عقبیٰ چل بسے ، تو بخش دے رب کریم!

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مسجد اہل حدیث اولڈھم [برطانیہ]

توسیع مسجد کے بعد منعقدہ اجتماع میں پڑھا گیا قطعہ

ہو گئے توحید میں جب گولڈ[1] ہم
اور سنت میں ہوئے جب بولڈ[2] ہم
فضل سے اللہ کے اب بن گئی
مسجدِ اہلِ حدیثِ اولڈھم[3]

[1] GOLD سونا
[2] BOLD بہادر، مضبوط
[3] OLDHAM نام شہر۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

[میرے فیملی ڈاکٹر]

ڈاکٹر علیم اختر چوہدری صاحب

کی شان میں

ڈاکٹر میرے علیم اختر ہیں ایسے چوہدری
جو مریضوں سے بھری رہتی ہے ان کی سرجری (۱)
ہیں معاون ان کے الطاف (۲) و ظفر (۳) ہر دلعزیز
دے شفاء سب کو الٰہی! ڈاکٹر کو برتری

۱ دواخانہ۔ ۲ چودھری محمد الطاف صاحب مینیجر۔
۳ جناب سید محمد ظفر عباسی اسسٹنٹ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حضرت مولانا **محمد عبدالسبحان اعظمی عمری** رحمۃ اللہ علیہ

نائب ناظم و نائب شیخ الحدیث و سینئر استاذ جامعہ دارالسلام عمرآباد [شمالی آرکاٹ، تامل ناڈو] انڈیا

تھے وہ نائب ناظم و شیخ الحدیثِ جامعہ
اک مدبر، منتظم اور اک حکیمِ نابغہ

ان کے ابناء حافظ و عمری بھی مدنی بھی ہیں
بخش دے یارب! مرے استاذ کو فی الآخرہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حاجی عبدالرحمٰن جنجوعہ صاحب

امیر و بانی جمعیت اہل حدیث و جامع مسجد اہل حدیث، ڈڈلی، برطانیہ

ڈڈلی کے جو دلدار ہیں ، عبدالرحمٰن جنجوعہ
اور حق کی جو تلوار ہیں ، عبدالرحمٰن جنجوعہ

اللہ کے پرستار ہیں ، عبدالرحمٰن جنجوعہ
باطل کے لئے وار ہیں ، عبدالرحمٰن جنجوعہ

ہیں پکے موحد بھی جو ، عبدالرحمٰن جنجوعہ
سنت کے طرفدار ہیں وہ ، عبدالرحمٰن جنجوعہ

بانی ڈڈلی جمعیت ، عبدالرحمٰن جنجوعہ
ہیں سرور ملت ، عبدالرحمٰن جنجوعہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہوں امن سے رحمٰن ، عبدالرحمٰن جنجوعہ
ماجور ہوں سبحان ، عبدالرحمٰن جنجوعہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مولانا شعیب احمد میرپوری صاحب

ناظم اعلیٰ مرکزی جمعیت اہل حدیث برطانیہ وصدر 'بیت القرآن والسنۃ'

شیخ شعیب احمد میرپوری ہیں جو صالح نوجواں
گلشنِ دین و شریعت کے ہیں مخلص باغباں

شیخ شعیب احمد میرپوری ، فاضلِ مکہ ہیں یہ
شیخ شعیب احمد میرپوری کاملِ مکہ ہیں یہ

ہیں جمعیت کے نگہباں اور ناظمِ اعلیٰ ہیں یہ
یوکے کے روح رواں اور ناظمِ اعلیٰ ہیں یہ

میرپوری مادری ہے ، یاں کی انگریزی زباں
اردو عربی میں بھی ماہر ، ہیں وہ اسکالر جواں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دوستی ، ہردلعزیزی اور خدمت میں شہیر
خیرخواہی ، غمگساری اور عظمت میں شہیر

'شیخ سدیس'[1] ان کے مہماں اور 'شعیب' کے قدرداں
سربراہِ 'بیتِ قرآں' ، 'القاسم'[2] کے میزباں

بخش دے تو ان کے والد کو بھی رحمٰن و رحیم
جاریہ صدقہ بنا اولاد کو ربِّ کریم!

رکھ سلامت ان کے بچوں ، بھائیوں کو اے خدا
شیخ شعیب احمد کو دے دارین میں احسن جزا

❁❁❁❁❁

